Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ

نُورُ المُبین

ھُدًی لِّلمُرِیدِین

آفتاب آمد دلیل آفتاب
فہم کن واللہ اعلم بالصواب
اینقدر گفتم و باقی فکر کن (حضرت مولانا رومیؒ)
فکر گر جامد بود پس ذکر کن

مؤلف و جامع این نصائح
فقیر حقیر سیّد شاہ نور الدین گیلانی القادری
فی الحال ساکن سری نگر کشمیر

स्कैन्ड / Scanned
2/2/

برائے ایصالِ ثواب
المرحوم اسماعیل حسام الدین پالیکر غفر اللہ لہٗ

منجانب
الحاج عبد القادر اسماعیل پالیکر طال اللہ عمرہٗ

محرم الحرام ۱۳۹۲ھ اشاعت دوسری بار (۱۰۰۰)

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

پیش لفظ

الحمد لله الذي نور قلوب العارفين بسراج الهداية والعرفان واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له ولا نديد له ولا شانه واشهد ان سيدنا ونبيّنا ومولانا محمد عبده ورسوله لولاه لما كان ما يكون وما يكون وما كان عليه وعلى اله وصحبه الصلوة والسّلام الاكملان وعلى شيخنا ومرشدنا شيخ السمٰوٰت والارضين شيخ الجنّ والانس والملٓئكة والناس اجمعين صلوات الله وسلامه عليهم اجمعين۔

امّا بعد قد رايت وطالعت المجموعة النصايح هٰذا ووجدت في ذاما الكتب فيوضات المهرمة الموقوفة في گولده شريفة من تصنيف محمّد على رفعت بن عتيق الله خان الحسينى الواسطى تغمده الله بالغفران بسعى الجميل مولوى عبد الاحد غفرله الصمد ووجدته فيها دقائق الوحدة والاسرار المعرفة واردت اشاعة الثانية الافاضة

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جمیع للمریدانی ومحبانی وجمیع اخواننا المسلمین مع اضافۃ النصایح والارشادات المشائخ العظام والاسلاف الکرام سمتہ نور المبین ھدی للمریدین تقبل اللہ منا ومنھم اجمعین ۔

سچ تو یوں ہے کہ یہ کتاب لاجواب یقیناً گنجینہ حقائق الٰہی اور ایک بہترین خزانہ دقائق لامتناہی جس کو بزرگانِ دین نے اپنے اسرار صدری و رازہائے سینہ اور الہامی ارشادات سے جمع کیا ہے ہر مومن اور متقی کے لئے ایک مشعل راہِ ہدایت جس میں شریعت طریقت حقیقت معرفت کے ایسے اسرار اور مسائل ضروری اس خوبی سے موقع بموقع جمع کئے ہیں کہ پڑھنے والے بشرطیکہ وہ طالب حق ہوں صراط مستقیم کے کامل رہبر و ہادی ہوں گے ۔

فقیر کی رائے یہ ہے کہ یہ کتاب لاجواب نہ صرف پرانی قسم کے راسخ الاعتقاد مسلمانوں کے لئے مفید ہوگی بلکہ نئے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بھی سود مند اور فائدہ مند ثابت ہوگی ۔

اگرچہ یہ خزانہ سابقہ بزرگوں کے ارشادات ونصایح کا ایک مجموعہ ہے مگر فقیر نے بھی اپنی ناچیز معلومات سے کچھ کم و بیش اضافہ درج کیا ہے ۔

"گر قبول افتد زہے عزّ و شرف"

آخر میں ناظرین کرام سے فقیر کی یہ التجا ہے کہ جن بزرگوں نے یہ نصایح بغرض نفع خلائق اور فقیر نے بہ نیت ہدایت مریدان ومحبان کچھ اس میں اضافہ کیا ہے اس بے بہا خزانہ سے مستفیذ ہو کر حضرت موصوف الصدر قدس اللہ سرہٗ العزیز

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اور مولوی عبدالاحد اور فقیر حقیر سید نورالدین بن سید مقبول القادری النقشبندی الگیلانی کے لیئے دعائے خیر فرمادیں ؎

عرض نقش ست کز ما یاد ماند
کہ ہستی را نمے بینم بقائے
مگر صاحبدلے روزے برحمت
کند بر حال درویشاں دُعائے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ہر کہ عشقِ مصطفیٰ سامانِ اوست
بحر و بر در گوشۂ دامانِ اوست

سوزِ صدیقؓ و علیؓ از حق طلب
ذرّۂ عشقِ نبیؐ از حق طلب

زاں کہ ملّت را حیات از عشقِ اوست
برگ و سازِ کائنات از عشقِ اوست

در دلِ مسلم مقامِ مصطفیٰؐ است
آبروئے ما ز نامِ مصطفیٰؐ است

(اقبالؔ)

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

نعت شریف

از طبعزاد سید نور الدین گیلانی

وقتِ پیری دستگیری یا رسولؐ
دہ شفا ہم چوں بصیری یا رسولؐ
گرمنم عاصی پُرا ز جُرم وگناہ
موسپیدم روی آوردم سیاہ
عفو کُن عذرم پذیری یا رسولؐ
نے ز دُنیا بہرہ دارم نے زدین
درجہاں افتادہ ام زار وحزیں
ازکرم سویم بہ بینی یا رسولؐ
از غم واندوہ شد حالت تباہ
نامۂ اعمال از عصیاں سیاہ
مغفرت خواہم شفاء و مال وجاہ رحمۃً للعالمینی یا رسولؐ
دین ودُنیا بخش ہم صحتِ مدام
طولِ عمر وخوشدلی ہم صحتِ ومدام
اعطنی ما فی ضمیری یا رسولؐ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

رستہ گاری دہ ز امراض و ہموم
واز نحوسات و کواکب و ہم نجوم
بر گناہ من نیگری یا رسول ﷺ

تاج بخشی تو شہان داور جہاں
حکم تو جاری است بر گرد بیان
زاں کہ تو سدرہ سریری یا رسول ﷺ

رحمتت بر عاصیاں افزوں تر است
در خطا بخشی چو مہر مادر است
دست کش و ستم بگیری یا رسول ﷺ

در فراقت سینہ بریاں دل حزیں
یک شبے بنما روی نازنیں
رحم کن بر حال زار نور دین
تا بہ کے خلوت نشینی یا رسول ﷺ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نعت اکرم

عرش حق ہے مسند رسول اللہ کی ∴ دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی

قبریں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے ∴ جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللہ کی

کافروں پر تیغ والا سے گری برق غضب ∴ ابر آسا چھا گئی ہیبت رسول اللہ کی

لا و رب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا ∴ بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا ∴ ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک ∴ اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

تجھ سے اور جنت سے کیا نسبت وہابی دور ہو ∴ ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی

ذکر روکے فضل کاٹے نقص کا جویاں رہے ∴ پھر کہے مردک کہ ہوں امت رسول اللہ کی

نجدی اس نے تجھ کو مہلت دی کہ اس عالم میں ہے ∴ کافر و مرتد پہ بھی رحمت رسول اللہ کی

ہم بھکاری وہ کریم ان کا خدا ان سے فزوں ∴ اور نا کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی

اہلسنت کا بیڑا پار اصحاب رسول ∴ نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا ∴ جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی

ٹوٹ جائیں گے گنہگاروں کے فوراً قید و بند ∴ حشر کو کھل جائے گی طاقت رسول اللہ کی

یا رب اک ساعت میں دھل جائیں سیہ کاروں کے جرم ∴ جوش میں آجائے اب رحمت رسول اللہ کی

ہے گل باغ قدس رخسار زیبائے حضور ∴ سرو گلزار قدم قامت رسول اللہ کی

اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداح حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

منقبت سیّدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا ∴ اونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا ∴ اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوہ تیرا

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا ∴ شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کتّا تیرا

تو حسینی حسنی کیوں نہ محی الدین ہو ∴ اے خضر مجمع بحرین ہے چشمہ تیرا

قسمیں دیدی کے کھلاتا ہے پلاتا ہے تجھے ∴ پیارا اللہ تیرا چاہنے والا تیرا

مصطفےٰ کے تن بے سایہ کا سایہ دیکھا ∴ جس نے دیکھا مری جان جلوۂ زیبا تیرا

ابن زہرا کو مبارک ہو عروس قدرت ∴ قادری پائیں تصدق مرے دولھا تیرا

کیوں نہ قاسم ہو کہ تو ابن ابی القاسم ہے ∴ کیوں نہ قادر ہو کہ مختار ہے بابا تیرا

بحر و بر شہر و قری سہل و حزن دشت و چمن ∴ کون سے چک پہ پہنچتا نہیں دعویٰ تیرا

تجھ سے در در سے سگ اور سگ سے ہے مجھ کو نسبت ∴ میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا

اس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے ∴ حشر تک میرے گلے میں ہے پٹا تیرا

میری قسمت کی قسم کھائیں سگانِ بغداد ∴ ہند میں بھی ہوں تو دیتا رہوں پہرا تیرا

بد سہی چور سہی مجرم و ناکارہ سہی ∴ اے وہ کیسا ہی سہی ہے تو کریما تیرا

مجھ کو رسوا بھی اگر کوئی کہے گا تو یونہی ∴ کہ وہی نا وہ رضا بندہ رسوا تیرا

ہیں رضا یوں نہ بلک تو نہیں جیّد تو نہ ہو
سیّد جیّد ہر دہر ہے مولا تیرا!

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

رُباعی

آیُدرِکُنی ضَیمٌ وَ اَنْتَ نَصِیْرِی
ءَ اَظْلَمُ فِی الدُّنیا وَ اَنْتَ ظَہِیْرِی
فِعارٌ عَلیٰ رَاعِی الحمیٰ وَہُوَ قَادِرٌ
اِذا ضاعَ فِی البَیْدَاءِ عِقالُ بَعِیْرِی

ترجمہ:۔ ایا دریا بدم غم چو نتو باشی عون دیارمن
کشم بارستم حاشا تو باشی پشت دارِمن
نگہبان قدغ رانگ باشد باضمان داری
کہ گردیادہ اندر دشت بندپا لیسارِمن

ایضاً از طبع از سید نورالدین گیلانی
بحضور تاجدار بغداد رضہ

تمہارے در سے ملی ہے دولت ؛ تمہارے در سے ملی ہے صحت

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تمہارے در سے ملی ہے عزت ؛ نہ ہو اب اس میں بگاڑ حضرت
خیال رکھئے سنبھال لیجئے

مرض سے آقا میں مضطرب ہوں ؛ وفورِ غم نے ہے آن گھیرا
یہی تو وقتِ مدد ہے آقا
مصیبتوں سے نکال لیجئے

ستارے مجھ کو ستا رہے ہیں ؛ مصیبتوں سے پھنسا رہے ہیں
شر سے ستاروں کے اب چھڑا کر
ظہورِ شانِ کمال کیجئے

پلا ہوں خوانِ کرم سے تیرے ؛ نہ صرف میں ہی عیال میرا
غنا سے کونین عطا ہو شاہا
خوشحال حال مآل کیجئے

مجھے تو دشمن ستا رہے ہیں ؛ یہ دھمکیاں بھی سنا رہے ہیں
شرِ مخالف سے اب چھڑا کر
ظہورِ شانِ جلال کیجئے

سوا تمہارے کہاں میں جاؤں ؛ یہ غم کا دکھڑا کسے سناؤں
مدد کو یا غوث آؤ جلدی
یہ بگڑی حالت بحال کیجئے

یا پیر و مرشد مہر علی شاہ ؛ نظر کرم کی ہو شیئاً للہ
سرورِ قلبی عطا ہو للہ
خوشحال حالِ مآل کیجئے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

میں نوردین ہوں غلام تیرا ؛ ہے روز و شب ورد نام تیرا

عیاں ہے سب فیض عام تیرا

عطا اب شانِ کمال کیجے

بحمد اللہ سعادت شد نصیبم

عطا شد دولت دنیا و دینم

عیاں داغ غلامی بر جبینم

بفیض شاہِ جیلان نوردینم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سلام بحضور سرورِ کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات

(از طبعزاد فقیر سید نورالدین گیلانی)

یا نبی سلام علیکم　　یا رسول سلام علیکم
یا حبیب سلام علیکم　　صلوات اللہ علیکم
شوق دیدار تو دارم　　روز و شب در انتظارم
رحمتے فرما بکارم　　یا نبی سلام علیکم
دیدۂ گریاں من بیں　　سینۂ بریاں من بیں
دل پُر از عصیاں من بیں　　یا نبی سلام علیکم
دیدۂ من اشک بار است　　سینۂ از فرقت فگار است
حالتے من خوار و زار است　　یا نبی سلام علیکم
دردِ ما یاں را دوا کن　　حاجت ما را روا کن
مقصد ما را عطا کن　　یا نبی سلام علیکم
دارم امید شفاعت　　سایہ دست حمایت
کن بما چشم عنایت　　یا نبی سلام علیکم
گرچہ ما یاں پُر گناہیم　　غافل و گم کردہ راہیم
ہم ہدایت از تو خواہیم　　یا نبی سلام علیکم
مرشدِ ما غوث اعظم　　یاور ما در دو عالم
او کرم فرما بحالم　　یا نبی سلام علیکم
جز تو ما وائے نداریم　　جز تو ملجائے نداریم
رو بدرگاہے تو آریم　　یا نبی سلام علیکم
نور دین احمد بگویت　　روئے امیدش بسویت
جلوۂ بخشی ز رویت　　یا نبی سلام علیکم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

عرض سلام بدربارِ حضرت سیّد الاولیا غوث الثقلین حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ

(از طبع زاد فقیر سید نور الدین گیلانی کان اللہ لہٗ)

السلام اے غوثِ اعظم السلام ‌ ‌ ‌ السلام اے قطبِ عالم السلام
السلام محبوبِ سبحانی السلام ‌ ‌ ‌ السلام مطلوبِ یزدانی سلام
السلام اے رازدارِ انبیاء ‌ ‌ ‌ السلام اے تاجدارِ اولیاء
السلام اے حاکمِ لوح و قلم ‌ ‌ ‌ السلام اے معدنِ لطف و کرم
السلام اے شمعِ بزمِ اولیاءُ ‌ ‌ ‌ السلام اے صدرِ جمعِ اتقیاء
السلام اے مونسِ دلدادگان ‌ ‌ ‌ السلام اے ناصرِ افتادگان
السلام اے دستگیرِ بے کساں ‌ ‌ ‌ السلام اے یاورِ درماندگان
السلام اے زبدۂ آلِ نبیؐ ‌ ‌ ‌ السلام اے قرۃ العین علیؓ
السلام اے معدنِ جود و سخا ‌ ‌ ‌ السلام اے ہادیِ راہِ ہُدا
السلام اے شیخِ ارض و سماں ‌ ‌ ‌ السلام اے ہادیِ ہر انس و جاں
السلام اے مظہرِ لطفِ نبی ‌ ‌ ‌ السلام اے مصدرِ علمِ علی
السلام اے جدِّ من آقائے من ‌ ‌ ‌ السلام اے سید و مولائے من
السلام اے عبد قادر محی الدین ‌ ‌ ‌ سیدی اسمع سلام نوردین
السلام اے پیر و مرشد السلام ‌ ‌ ‌ گوش فرما عرضِ احوالِ غلام
نے ز دنیا بہرہ دارم نے ز دیں ‌ ‌ ‌ در جہاں افتادہ ام خوار و حزیں
لطف فرما چارۂ کارم بساز ‌ ‌ ‌ اے درِ فیضت ہمیشہ ہست باز

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

از طبعزاد فقیر سید نورالدین گیلانی کان اللہ لہ

اے ہمارے پیشوا یا غوث پاک — دل ہو قربان آپ پر روحی فداک
آئے ہیں خدمت میں اور ید بستہ ہیں — عاجز و مسکین اور دل خستہ ہیں
شوق دل سے آرزو ہے دید کی — روزہ داروں کو ہلال عید کی
آپ کا خادم ہے اور مشکل میں ہے — رات دن یا غوث میرے دل میں ہے
آپ کے خادم پہ مشکل آپڑا — آپ کے در کا وسیلہ ہے بڑا
اک نگاہِ لطف ہو ہم پر حضور — تاکہ ہوں سارے مصائب ہم سے دور
گھاس ہوں لیکن ترے ہی باغ کا — زخم دل ہے وہ بھی ترے داغ کا
گھاس ہے گل کی مہک سے مشکبو — میری عزت تیرے در کی آبرو
لاج میری وہ بھی تیری لاج ہے — خاکِ پا تیری میرا سر تاج ہے
آپ کی اولاد ہوں شاہ نورالدین — شاد کیجئے مجھ کو در دنیا و دین
میرے سر پہ آپ کا ہی ہاتھ ہو — دین و دنیا میں تمہارا ساتھ ہو

اے صبا اے پیک دور افتادگان
اشک ما بہ خاک پاک او رسان

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

از طبع زاد فقیر سید نورالدین گیلانی بزبانِ فارسی

نوردیں بر در تو چوں سگ کوئے — بہر شاہ رسل مگرداں روئے
دین و دنیای من بکن مسعود — عافیت بخش عاقبت محمود
ظلِ خود دار بر سرم قایم — عز و اقبال ہم غنا دایم
عمر مارا دراز افزوں کن — ہمچنیں عاقبت ہمایوں کن
بس ہمیں جاہ احترام من است — گر تو گوئی مرا غلام من است
ہر زماں سوی حق پناہ من است — غوث اعظم امید گاہ من است

فقیر اپنے یارانِ طریقت مخلص اور معتقد مریدان محبان کے لئے چند آزمودہ اور مجرب وظائف جو کہ ان کو ہر مطالب بر آری اور حصول مقاصد اور حل مشکلات کے لئے مفید تیر بہدف ثابت ہوں گے تبرکاً و تیمناً اپنے اس نصیحت نامہ کے آخر میں درج کرتا ہوں۔

فقیر اپنے اُن برادرانِ دینی اور یارانِ طریقت سے جو کہ ان نصایح اور مضامین نافع اور وظائف مندرجہ سے فیضیاب ہوں گے متوقع ہے کہ فقیر اور فقیر کے جمیع مریدین و متوسلین کو دعائے خیر سے یاد کریں گے۔

شفای امراض کے لئے

فجر کی سنت اور نماز فجر کے درمیان سورۂ فاتحہ اکتالیس بار بالبسم اللہ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ایسے کہ بسم اللہ کے رحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پڑھیں اول و آخر درود شریف ۳-۳ بار پڑھ کر درد کی جگہ پہ اور جسم پہ اور دونوں ہاتھوں پہ دم کر کے وہ ہاتھ پھرایئے اور تمام جسم پہ پھیر دیں اکتالیس دن تک بلا ناغہ وقت کی پابندی ضروری ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چالیس دن کے اندر ہی مکمل شفا ہو گی اسکے ساتھ صدقہ وخیرات حسب استعداد ضروری ہے۔

حل مشکلات اور دفع مصائب کیلئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَاٰلِہٖ ایک سو بار حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۃ وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ۵۰۰ بار درود صدر ایک سو بار (مندرجۂ بالا) ورد کرتے وقت اپنی مشکل کا تصور کریں چالیس دن بلا ناغہ بعد مغرب یا بعد عشاء پابندی کے ساتھ پڑھیں انشاء اللہ اسی میعاد کے اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ ہر ایک غم اور فکر پریشانی اور ہر بیماری کی شفاء کے لئے بعد نماز عشاء تا حصول مراد ورد کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ وَاٰلِہٖ

ایک سو بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۵۰۰ بار

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۱۲ مرتبہ اور درودِ صدر ایک سو بار۔

تقبل اللہ بقبول حسن ھل جزاء الاحسان الا الاحسان ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین الداعی الی الخیر والفلاح

فقیر سید شاہ نور الدین احمد قادری گیلانی فی الحال ساکن سرینگر کشمیر۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

چشتیہ

شجرہ عالیہ منظوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا الٰہی مصطفےٰ و مرتضیٰ کے واسطے
اور حسن بصری حقیقت آشنا کے واسطے

عبدِ واحد کا تصدّق از پئے خواجہ فضیل
اور براہیم و حذیفہ کی وِلا کے واسطے

واسطہ خواجہ ہبیرہ حضرت ممشاد کا
اور ابو اسحاق با صدق و صفا کے واسطے

دے ابو احمد کا صدقہ بو محمد کا طفیل
یوسف و مودود سلطانِ ہدیٰ کے واسطے

واسطہ حاجی شریف و خواجہ عثمان کا
اور معین الدین چشتی رہنما کے واسطے

قطبِ دین خواجہ فرید الدین و محبوب اللہ
اور علاؤ الدین صابر پیشوا کے واسطے

شمس الدین و شاہ عبدالحق محدّث دہلوی
خواجہ معروف سید بادشاہ کے واسطے

اور جلال الدین شاہ خواجہ نظام الدین شیخ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سید خواجہ سعید رہنما کے واسطے
سید رجب علی اور شاہ محمد کے طفیل
عبد باری سید عالی مکاں کے واسطے
از پئے عبد الرحیم نام وار و نام ور
شاہ امداد اللہ اس رہنما کے واسطے
شاہ جلال الدین کا صدقہ فضلِ دیں کیواسطے
مہر فرما حضرت مہر علی کے واسطے
نور برسا جوہری القادری بوبکر پر
نور الدین احمد ہمارے پیشوا کے واسطے

شجرۂ قادریہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا الٰہی مصطفےٰ و مرتضےٰ کے واسطے
اور حسین ابنِ علی حق آشنا کے واسطے
از پئے زین العبا اور باقر و جعفر امام
حضرت کاظم علی موسیٰ رضا کے واسطے
واسطہ معروفِ کرخی اور سری باصفا
کر کرم اپنا جُنیدِ باصفا کے واسطے
واسطے سے شبلی و عبد واحد اے رحیم
رحم فرما کرم فرما بوالفرح کے واسطے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

از طفیل بوالحسن و بوسعید نام دار
فضل کر کریم پر بشہ غوث الوری کے واسطے
بند بند آزاد کر شدے قید غم سے اے کریم
غوث اعظم پیر دمرشد رہنما کے واسطے
لاج رکھ لے دو جہاں میں از پئے عبدالرزاق
اور عبید اللہ مقبول الٰہ کے واسطے
بخش دے سارے گناہ اپنی عطا کیواسطے
تاج الدین تاجور تاجِ اولیا کے واسطے
عاقبت محمود فرما از پے محمود شیخ
شاہ خلیل اللہ کے خلق حیا کے واسطے
نور سے معمور کر سینے ہمارے اے خدا
سید نور محمد کی ضیا کے واسطے
حضرت محمود ثانی مقتدائے اولیاء
بحر اسماعیل سید پیشوا کے واسطے
رزق میں برکت عطا کر از پئے عبدالرزاق
سید احمد منیر اولیاء کے واسطے
پیشواء اولیاء سید محمد کے طفیل
سید یوسف عزیز اولیاء کے واسطے
رحمت عالم کے پیارے سید عبدالمجید
یوسف ثانی محبّ اولیاء کے واسطے

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

شوق دے ہمکو تیرے حکموں پہ چلنے کا کریم
سید محمد تقی کے اِتّقا کے واسطے

دے سعادت دو جہاں کی از پئے سید سعید
حضرت شاہِ نعمت اللہ پیشوا کے واسطے

ہم میں جو بیمار ہیں کر دے شفا ان کو عطا
شاہ عبداللہ سید بے ریا کے واسطے

ہم میں جو مقروض ہوں وہ قرض سے پائیں نجات
شاہ لطف اللہ صاحب کی رِدا کے واسطے

عشق دے مرشد کا ہمکو یا الٰہ العالمین
شاہ ضیاء اللہ صاحب کی ضیاء کے واسطے

جوہری القادری کی ہو دعا یارب قبول
حضرت مقبول علی شاہ رہنما کے واسطے

عاقبت محمود کر اور دو جہاں میں شاد کر
پیر و مرشد نورالدین رہنما کے واسطے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُورٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ

نُورُ المُبِین

هُدًى لِّلْمُرِيْدِين

آفتاب آمد دلیل آفتاب
فہم کن واللہ اعلم بالصواب

(حضرت مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ)
اینقدر گفتیم و باقی فکر کُن
فکر گر جامد بود پس ذکر کُن

مؤلف وجامع این نصائح
فقیر حقیر سید شاہ نور الدین گیلانی القادری
فی الحال ساکن سری نگر کشمیر

برائے ایصال ثواب
المرحوم اسماعیل حسام الدین پالیکر غفر اللہ لہ

باہتمام
محفل فاروق اعظم
ادارہ سلسلہ عالیہ القادریہ المقبولیہ النوریہ، ۳۶، ۳۸ گھوگھاری محلہ بمبئی ۳

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

می باید شنید کہ سلطان حقیقی و جہان بان تحقیقی حاکم نفس را باداد لشکر حواس عشرہ جہت اصلاح دل ملک دل و انتظام عالم آب و گل گماشتہ و آنرا برآں لشکر مسلط گردانیدہ تا ہریکے ازاں جوارح کہ تابع او بند بہرکارے کہ فرمانید بجا آورند و ان کان خیرا فخیرا و ان کان شرا فشرا۔ پس باید کہ امتثال فرمان عالیشان الٰہی و انتائج نا متناہی دانستہ در حفظ و حراست آں ولایت بجوشد و ہریکے را مبارز آں لشکر و سپہ سالاران آں عسکر بکاری علیحدہ منسوب گردانیدہ در تحصیل کسب و ریاضت جہدی بکار برد کہ واحدی از دزدان شیطان و رہزنان نفسانی را بر حال رعایای قوای ظاہر و باطن دست تعدی دراز نشود تا در حصول نقود عرفانی خلل نگردد:۔

☼

سننا چاہیئے کہ سلطان حقیقی جہاں بنانے والا بادشاہ خالق لایزل نے دل کی اصلاح دل کے مالک خاک پانی کے عالم (یعنی جسم انسان) کے انتظام کے لئے حواس عشرہ کے لشکر پر نفس کو حاکم مقرر و مسلط فرمایا تاکہ ان اعضا میں سے ہر ایک کو جو اسکے تابع ہیں جو حکم دے بجالائے۔ اگر نیکی کا حکم ہو تو نیکی کرے، اگر برائی کا حکم ہو تو بدی۔

پس چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ کے عالیشان فرمان (اطاعت و عبادت) کے بے انتہا نتائج و فوائد جان کر اس مملکت دل کی حفاظت و نگہداشت میں کوشش کرے اور ان اعضاء کے سرداروں اور لشکر کو اپنے اپنے علیحدہ کاموں پر لگائے رکھے تاکہ حصول کسب و ریاضت میں جہد و کوشش کرے کہ کہیں شیطانی چور اور نفسانی ڈاکو ظاہری و باطنی قوای

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

کے رعایا پر حملہ آور ہو کر ظلم و دست درازی نہ کرے، اور خزانۂ معرفت کی نقدی میں نقصان نہ کر ڈالے،

واقعی دل کی حفاظت بڑی اہم اور ضروری چیز ہے۔

کیوں نہ ہو، خداوند تعالےٰ جل جلالہٗ کی یاد اُن کے انوار و تجلیات کا یہی تو مقام و سرچشمہ ہے مولانا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

درکنز و ہدایہ نتواں یافت خدارا

در مصحف دل بین کہ کتاب بہ ازیں نیست

یعنی کنز و ہدایہ میں خدا نہیں ملتا، دل کی کتاب کو کھول کر اور اس میں دیکھ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں ؎

وَتَزْعَمُ اَنَّكَ جِرْمٌ صَغِيْرٌ

وَفِيْكَ انْطَوىٰ الْعَالَمُ الْاَكْبَرُ

یعنی تو خیال کرتا ہے کہ تو ایک چھوٹا سا کیڑا ہے، حالانکہ تیرے اندر تو ایک بڑا عالم موجود ہے ؎

دور کر دل کی کدورت محو ہو دیدار کا

آئینہ کو بس صفائی نے دکھایا روئے دوست

ایک اور صاحب فرماتے ہیں: ؎

ہر سمت سے ہو سایہ فگن یار کی صورت

آئینہ خاطر میں اگر کچھ بھی ضیاء ہو

تھوڑی روشنی چاہیئے خود پتہ چلتا ہے کہ دل کیا ہے، اور اسکے اندر کیا ہے، سچ کہا ہے ؎

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ہے اگر شوق جمال اس کا تو اس کو صاف کر
یہ جو ہے دل کا پُر از زنگ کدورت آئینہ

حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جسم کے اندر ایک ٹکڑا ہے، اگر وہ ٹھیک ہے تو سارا جسم ٹھیک اگر وہ خاسد ہو تو سارا جسم خراب اور وہ ٹکڑا دل ہے۔

نظم

دشمن ہمہ وقت در کمین است — غفلت نہ شعار دور بین است
گستاخ مکن تو نفس بد را — گو سالہ شیر مست خود را
گر نفس بخواہد از توگل قند — خاکش بدہی لقمۂ چند

واندیشہ کند کہ سوانح ایں ملک از روے دفاتر کراما کاتبین آناً فاناً بعرض معلی میرسد :- اِنَّ عَلَیْکُمْ لَحَافِظِیْنَ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ اگر احیاناً بو فور مستی بادہ ہوش ربائی غفلتا کہ لشہ ریاست است فتنہ در داخل آں راباندو خیانتی در خزائن امانت پدید آیا حقا کہ در دیوان روز جزا پیش متوفی قضا خجالت کشد و بجز بیغرمانی در غضب سلطانی گرفتار آید و آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ پاک، آیۃ کریمہ :-

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ کِتَابَہٗ بِیَمِیْنِہٖ فَیَقُوْلُ ھَآؤُمُ اقْرَءُوْا کِتَابِیَہْ ۝

ترجمہ نظم :- دشمن ہر وقت تاک میں ہے، دور بین آدمی کا رویہ غفلت نہیں (لہٰذا ہوشیار رہ) اور اپنے نفس کے مست گو سالے کو گستاخ نہ کر،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اگر یہ نفس تجھ سے گلقند مانگے تو اُسے مٹی کے چند لقمے دیدے اور خیال رکھکر اس ملک (جسم) کے حالات کے رجسٹر ہر وقت آن کی آن میں کراماً کاتبین دربارِ الٰہی عرش معلّٰے پر لے جاتے ہیں۔

ترجمہ آیتہ :- یقیناً تم پر کراماً کاتبین (لکھنے والے فرشتے) محافظ مقرر ہیں، جو کچھ تم کرتے ہو وہ جانتے ہیں۔

ہم جو کچھ یاں پر کرتے ہیں ہوتا ہے حساب اس کا
محاسب ساتھ رہتا ہے کیا جو کچھ وہی لکھا
پہنچتا ہے مرتب ہو کے جب دفتر میں سیاہا
ثمر ملتا ہے اس کا جس شجر کا بیج بویا تھا
وہاں تو پائے عزت ایسا کچھ سامان پیدا کر
پشیمان ہو گذشتہ غفلتوں سے اب نہ سویا کر

لہٰذا خیال رہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی وقت ریاست و ملک کی غفلت دلانے والی ہو شربا شراب کا نشہ و مستی کی زیادتی (تجاوز کر کے اس مملکت جسم اور) اس ولایت میں داخل ہو کر امانت کے خزانوں میں نقصان و خیانت کرے اور تو قیامت کے دن احکم الحاکمین قاضی کے سامنے شرمندہ ہو، اور جرم نافرمانی کے باعث غضب سلطانی میں گرفتار ہو اور جس کا حساب پاک ہو (معاملہ صاف ہو) اس کا رجسٹر حساب دیکھنا چاہے، جیسے ایماندار کلرک بے خوف اور دلیر و بے فکر رہتا ہے۔

ترجمہ آیتہ :- پس جس وقت عمل نامہ دے دیا جائے داہنے ہاتھ میں (تو وہ فرط خوشی میں) کہے گا۔ یہ لو پڑھو عمل نامے کو۔ کیا اچھا وقت ہو گا۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اور خوش قسمت آدمی ہوگا جس کو داہنے ہاتھ میں نجات و کامیابی کا پرچہ ملے کتنا خوش ہوگا ہم کو جب اس فانی دنیا میں کوئی خوشخبری یا اس کے معمولی امتحانات میں کامیابی کی خبر پہنچتی ہے، تو خوشی خوشی سب احباب کو مطلع کرتے ہیں اور مبارک بادی لیتے ہیں، تو وہاں کیا حال ہوگا، جب اس خوشی کے بعد کوئی بھی غم نہ ہوگا۔ بس خوشی ہی خوشی ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا

ابیات

خواجۂ ما کار و بار خویش تن فرمودہ است
ما بہ جریانِ رضائے دشمنش دل دادہ ایم

ہنگر ید آئے دوستان رسوائی فہمید
باکہ نزدیکی شدیم واز کہ دور افتادہ ایم

می باید شنید کہ غذائی اہل ظاہر بلائے اہل معنی و غذائی اہل معنی بلائے اہل ظاہر آں از برنج میشود و ایں از رنج کہ دیگ دل را بر کانون آتش عشق نہند و دانۂ معرفت حق را دراں بیند ازند و آں را از باد دامن شوق بیدار سازند و من بعد مصالح شریعت دراں بیامیزند و سر پوش طمانیت براں بگذارند تا جوش آں بیرون نریزد و بوئی آن تا بر دماغ بیہودگان نرسد پس حرارت جوع ازیں طعام فرو نشاند من زاق عرف

نظم

تا ساقی عشق و جام جان است ❊ این بادہ نصیب عاشقان است
خوش نشہ دارد این چنیں مے ❊ مستان دانند قدر ہیں مے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

این بادہ بجاں خورند مستان ❊ گر اہل دلی تو نیز بستان

ترجمہ ابیات

ہمارے آقا پاک پروردگار بادشاہ نے اپنے کاروبار کے متعلق فرمایا ہے اور ہم نے ان کے دشمن کی رضا پر دل لگائے رکھا ہے۔

اے دوستو ہمارے فہم کی رسوائیوں کو دیکھو کہ کس کے قریب ہوئے اور کس سے دور جا پڑے۔

اَللّٰهُمَّ رَبِّیْ اَعُوْذُ بِكَ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِكَ فَارْحَمْ یَا رَبّ

سنئے کہ اہل ظاہر کی غذا اہل باطن کے لئے بلا و مصیبت ہے اور اہل باطن کی غذا اہل ظاہر کے لئے بلا ہے۔ اہل ظاہر کی غذا برنج پلاؤ ہے اور اہل باطن کی غذا درد و رنج جو کہ دل کی دیگ کو آتش عشق کے چوٹھے پر رکھ لیتا ہے، اور اس میں معرفت حق تعالےٰ کے دانے ڈال کر دامن سے ہوا دیکر اس آگ کو تیز کرتے ہیں۔ اور شریعت کے مصالحے ڈال کر اطمینان کے سرپوش سے ڈھانک لیتے ہیں تاکہ اس کا جوش باہر نہ آوے اور اسکی خوشبو بیہودہ لوگوں کے دماغ تک نہ پہنچے بس یہی کھانے سے وہ بھوک کی حرارت ٹھنڈا کرتے ہیں۔ (اور لطف اٹھاتے ہیں) جس نے چکھا جان لیا۔

ترجمہ نظم

جب تک ساقیٔ عشق (اللہ تعالیٰ) اور جام جان ہے تو یہ شراب عاشقوں کی قسمت ہے، (یعنی یہ شراب عاشقوں کو ہمیشہ نصیب ہوتی ہے) یہ شراب عجب نشہ رکھتی ہے (پوچھئے تو) اس کی قدر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

مست لوگ جانتے ہیں کیوں کہ وہ مست لوگ اس شراب کو جان کے بدلے خریدتے ہیں۔ اگر تو اہلِ دِل ہے، تو تم بھی خرید کر دیکھ لو، کیا خوب کہا ہے۔

یہ اوج یہ مرتبے ہما کو نہ ملے ∴ یہ دلق مرقع امراد کو نہ ملے
بخشی ہے خدا نے ہمکو دولتِ عشق ∴ برسوں ڈھونڈے تو بادشاہ کو نہ ملے

از نیست کہ مضطر نشوند و مستغنی باشند برائے تہیہ اسباب غذا، کہ مفتاح صبر و سکونت است بخارج احتیاج ندارند۔ نظم ؎

دو دیدہ ابر ہمیں جوئی ہم گلستان است
بہر کجا کہ نشینم بہار خویشتنم

می باید شنید، دنیا گلزار است و ما بلبلان زار بلبلاں چوں خزاں بینداز بوستان کنارہ گیرند و بوالہواسی ما بیں کہ رنگ از چمن میرود و دل مکدر نمی شود:۔

ابیات

ما جملہ مسافراں ایں رہگذریم ∴ رفعت بخدا چہ سخت کوتاہ نظریم
یاراں ہمہ آمدند و رفتند ہنوز ∴ باز آمد و رفت خویشتن بے خبریم

یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ مضطر و پریشاں نہیں ہوتے اور مستغنی رہتے ہیں، کیونکہ یہ لوگ اسباب معاش کی جو کہ صبر و سکون کے لئے (ایک گونہ) کنجی ہے خارج میں کوئی احتیاج نہیں رکھتے:۔

ترجمہ نظم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

میری دو آنکھیں مثل برسنے والے بادل کے ہیں (یعنی اندرونی نہر و باغیچہ کے لئے مثل ابر کے ہیں) پس میں جہاں کہیں بھی بیٹھ جاؤں تو اپنا بہار آپ ہوں۔

کیوں کہ عشق محبوب میں روتا رہتا ہوں، تو آنسوؤں کے پانی سے اپنی اندرونی نہر و باغ کو سیراب کرتا اور اس سے عجیب و غریب مشاہدات و تجلیات و انوار کے پھل چنتا ہوں، اور عیش کرتا ہوں، اگر کسی کو دیکھنا ہو تو دنیا و مافیہا چھوڑ کر عاشق زار بن کر کھلے آنکھوں دیکھ لے واقعی مَنْ ذَاقَ عَرَفَ، وَذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ یہ ہے قابل فخر فقر یا بادشاہی بلکہ اس سے بھی بڑھ کر کسی نے خوب کہا ہے ؎

دولت کی ہوس، اصل گدائی ہے یہ ؛ سامان کی حرص، بے نوائی ہے یہ
حاجت کم ہے تو بادشاہی ہے یہ ؛ اور کچھ نہیں حاجت تو خدائی ہے یہ

سُنئے :۔ دنیا باغیچہ ہے اور ہم بلبل زار، بلبل جب خزاں کو آتے دیکھتی ہے تو باغیچہ سے کنارہ کرتی ہے اور ہماری حرص و ہوس کو دیکھئے کہ رنگ چمن سے اُڑتا جاتا ہے اور ہمارے دل مکدر نہیں ہوتے (یعنی ہماری سامنے اچھے اچھے بادشاہ، حاکم، بزرگ، عالم، امیر و غریب وفات پاکر رخصت ہو جاتے ہیں، کئی رنگ بدل جاتے ہیں اور ہم اسی طرح اپنی لاتعداد آرزوں اور بے شمار خواہشات میں ڈوبے رہتے ہیں۔

ترجمہ، ابیات :۔ ہم سب اس رہ گذر کے چلنے والے ہیں، رفعت خدا کی قسم سخت کوتاہ نظر ہیں کہ کئی دوست ہمارے

سامنے آئے اور چلتے بنے، اور کئی آئیں گے اور چلے جائیں گے، ہم ہیں کہ اپنے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آپ سے بے خبر اور لوالہوسی میں مبتلا، عیش و عشرت کے خواہاں و آرزو مند، حالانکہ دیکھتے رہتے ہیں، کہ عیش والوں کا انجام کیا ہوا کرتا ہے، مختصر یہ کہ ؎

خاتمہ عیش کا حسرت یہ ہی ہوتے دیکھا: رو کے ہی اُٹھے ہیں اس بزم سے گانیوالے

می باید شنید کہ ظاہر آدمی پوست است۔ باطن آدمی دوست

اگر چشم بکشائی پوست بینی واگر در باطن درآئی دوست بینی

چشمی دیگر کشا تا ہمہ از دوست بینی - آیہ کریمہ۔

فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ

عارف حق شناس را باید ⁂ کہ بہر سو کہ دیدہ بکشاید ⁂

بیند آنجا جمال حق پیدا ⁂ نگلد از جمال حق قطعاً

چشم دل را کار فرما سوئے دوست ⁂ خویشتن را ہم مبین جز روئے دوست

چند باشی در نقاب اعتبار ⁂ ایں صدف را بشکن و گوہر برار

گر بخود بینی بہ بینی پوست را

ورنہ نخود بینی بہ بینی دوست را

ابیات

در خلوت دل نشستہ میکن سفری ⁂ شاید کہ فتد بہ شہر دل گذری

رفعت گرت ہوائی جاناں باشد ⁂ از دیدۂ دل بروئے کن نظری

سُنیئے:- کہ آدمی کا ظاہر پوست یعنی پوست (چمڑا) ہے اور باطن میں دوست (یعنے خداوند کریم کی یاد) ہے، اگر ظاہری آنکھیں کھولو تو پوست دیکھو گے اور

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

باطن دِل میں اُتر آؤ تو دوست دیکھو گے، کیا خوب کہا ہے ؎

دِل کے آئینہ میں ہے تصویر یار ٭ جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی!

البتہ گردن جھکانی مشکل ہے، اسی طرح ایک دوسرے صاحب کا مزیدار شعر ہے ؎

ظاہرہ آنکھ سے نہ تماشا کرے کوئی ٭ ہو دیکھنا تو دیدۂ دل واکرے کوئی

دِل کی آنکھیں کھولو تاکہ ہمہ اوست ہر جگہ جلوہ ہے کا منظر دیکھ سکو۔ دیدۂ دِل کھولنے کی دیر ہے، پھر دیکھئے:۔ ؎

جہاں جلوے سے اس محبوب کے بکسر لبالب ہے ٭ نظر پیدا تو کر اوّل تماشہ دیکھ قدرت کا

ترجمہ آیہ کریمہ:۔ جدھر منہ پھیر اُدھر اللہ تعالےٰ کا وجہ کریم (تجلیات انوار و جمال) ہے۔ دوسری آیہ شریف ہے کہ اللہ تعالےٰ تمہارے ساتھ ہے، اِنَّ اللّٰہَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ ایک شاعر نے اسی کے متعلق کیا خوب کہا ہے ؎

اگر ہے دید کی خواہش نگاہِ شوق پیدا کر ٭ نہ تو باہر ہے عالم سو نہ وہ بیرون دنیا سے

ترجمہ نظم:۔ عارف حق شناس کو چاہیئے کہ جس طرف بھی آنکھیں کھولے اس طرف حق سُبحانہٗ تعالےٰ کا جمال دیکھے اور ہرگز اس جمال سے دُور نہ ہو یعنے غفلت نہ کرے، اپنے دِل کی آنکھوں کو دوست کی طرف لگائے رکھ ان کے چہرے کے علاوہ اپنے آپ کو بھی نہ دیکھ، تو اس اعتباری نقاب میں کب تک رہے گا، بس کر، اس سیپ کو توڑ اور موتی حاصل کر، اگر تو اپنے آپ کو دیکھے گا تو صرف پوست ہی دیکھے گا۔ اور اگر اپنے آپکو نہ دیکھو بلکہ ہمہ تن قطع تعلق غیر اللہ کر کے اسکی یاد میں مستغرق و فنا ہو جاؤ تو دوست دیکھ لیگا اب تمہاری مرضی دوست دیکھو یا پوست

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

میگویند بہشت خواہی یا دوست ؛ اے بے خبراں بہشت با دوست نکوست

لوگ کہتے ہیں دوست چاہتے ہو یا جنّت
اے نادانو! بہشت ہیں تو دوست کے ساتھ ہی اچھا ہے، ورنہ بے لُطف، خلوت میں بیٹھ کر سفر کر۔
شاید، شہر دل پر گذر ہو جائے، اے رفعت اگر تجھے محبوب کا شوق ہے تو دل کی آنکھوں سے دل میں نظر کر:۔

می باید شنید:۔ دِل دریائی است کہ آبش خون است و آں رو دلیست کہ جوش جیحون است دُرِ بے بہا غیر ازاں دریا نتواں یافت اگر اہل دردی بزار داگر سایہ پروری بگذار۔ نظم ؎
قطرۂ دریائے دل جیحون بود ؛ ایں پُر از آب است و آن از خون بود
تشنۂ آبِ محبّت خون خورد ؛ آنکہ آبش قوت باشد چون خورد
می باید شنید:۔ توبہ از عصیاں آنگا سزاوار است کہ خود را البصالی لشمار دومنت بر و نگذاری ؎ قطعہ
اے بندہ چو بندگی نکردی ؛ از بندگیت کہ کار دارد!
چوں او تو دگر خدا نداری ؛ از بہر تو صد ہزار دارد
واں بر سر تسم است ؛ تو بہ مطیع واں فراوان بیدن طاعت

اور سنیئے۔ دِل ایک دریا ہے، اس کا پانی خون اور اس کی روانگی رفتار مثل جوش جیحون ہے۔ بے بہا موتی اس کے سوا کہیں نہیں ملتا، اگر تو

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دردر کھنے والا ہے (موتیوں کا متلاشی ہے) تو آزمائش کرتے اور اگر سایہ پرور (ظاہر بین) ہے تو چھوڑ دے۔

ترجمہ نظم

دریائے دل کا ایک قطرہ دریائے جیحون جتنا ہے۔ مگر فرق اتنا ہے کہ جیحون پانی سے بھرا ہوا ہے، اور دل خون سے، آب محبت و عشق کا پیاسا خون پیتا ہے تو جس کی غذا پانی ہو وہ خون کیسے پیے گا۔ (مشکل مگر بفضلِ خدا آسان)

اور سنیئے:۔ گناہ سے توبہ اس وقت درست اور مناسب ہے، کہ اپنے آپ کو نیکوں میں شمار نہ کرے، اور توبہ کو حق تعالیٰ پر نہ جتلاوے (یعنی بسا اوقات انسان اپنے توبہ پر نازاں و مغرور رہ کر اپنے آپ کو اچھا اور پاک سمجھنے لگتا ہے اور اگر خدانخواستہ کوئی مُصیبت آئے تو کہہ اُٹھتا ہی کہ میں نے اللہ تعالیٰ پر بڑا احسان کیا ہے۔ اور اب جتلاتا ہے اور یہ شکر نہیں کرتا کہ اس نے توبہ کی توفیق دی حالانکہ ظاہر ہے۔

وَاللّٰهُ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

اللہ تعالیٰ سب عالم سے بے پرواہ (بے نیاز) ہے۔

ترجمہ قطعہ

اے بندے جب تو نے صحیح اور پوری بندگی نہیں کی تو بندہ کہنے کے کیا معنے اور تو کس کام کا، تو اس جیسا دوسرا خدا نہیں رکھتا اور وہ تجھ سے بہتر ہزارہا بلکہ لاکھوں بندے رکھتا ہے،

(تو پھر تو کون اور تیری توبہ کیا، بس شکر کر،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

کہ اس نے تجھے توبہ کی توفیق دی اور نیکی کی طرف لگایا، جس میں تمہاری بھلائی ہے)

اوّل

توبہ مطیع و فرمان بردار کا کہ وہ اپنی اطاعت وعبادت کے زیادہ دیکھنے سے ہے، یعنی مطیع آدمی اپنے اطاعت کو زیادہ نہ سمجھے کہ کہیں غرور میں آکر بھٹک جائے بلکہ ہر وقت خائف و تائب اور شاکر رہے:۔)

دوم توبۂ عاصی و آں از ترک دین معصیت است، سوم توبہ عارف و آں قیمت کردن حال خود است و ادی شرط بندگی، آیہ کریمہ:۔

وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا

می بائید شنید:۔ مسجد مقام نماز است و دل محل نیاز آں جای خرقہ پوشان است و ایں جای مے نوشان آں جای امامت است و ایں جای ملامت و آں جای سجو و است و ایں جای شہود آں جائی رکوع است و ایں جای خضوع مصرعہ ؎

نماز کن اگر دولت در نیاز باشد

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

اے فرزند پسند خداوند انست کہ نماز را بے نیاز کنی اگر قضا شود بانہ بہ نیاز ادا کنی، معہذا بیت ؎

سبحہ در کف توبہ بر لب دل پر از ذوق گناہ ؛ معصیت را خندہ می آید ز استغفار ما

نظم

زباں در ذکر دل در فکر خانہ ؛ چہ حاصل زیں نماز پنجگانہ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

چہ شد گر مصحف در پیش باشد ÷ چو دل در فکر گاؤ میش باشد

دوم توبۂ گناہ گار اور گناہ کو کم سمجھنا اور اس میں گرفتار رہنے سے توبہ کرنا (یعنے گناہ کو معمولی نہ سمجھے، کہ یہ ذراسی بات ہے۔

اس میں گناہ کیا، وغیرہ وغیرہ، کیونکہ بعض وقت معمولی گناہ بھی بڑے گناہ کا سبب بن جاتا ہے لہذا خیال رہے اور توبہ کرے)

سوم توبہ عارف اور وہ اپنے حال کی قیمت کرنے سے توبہ کرنا باز آنا ہے (یعنی اپنے زہد و عبادت کے بدلے کا خواہش مند نہ ہو نہ کسی قیمت و اجر کا خواہاں ہو، بلکہ محض تعمیل حکم رضائے دوست ہی اس کا متمع رہو ہر وقت ہمہ تن دوست کا دھیان رہے ذرا بھی غفلت آوے فوراً متوجہ ہو اور استغفار پڑھے نہ یہ کہ اپنی اطاعت کو مقبول اور بہت سمجھے اور شرائط بندگی پر چلنے کو مستحسن سمجھ کر ناز کرے کہ بڑا کام کیا، بلکہ ما عبدناك حق عبادتك وما عرفناك حق معرفتك کہ نہ تو کما حقہٗ عبادت کر سکا، نہ کما حقہٗ پہچان سکا پر نظر رکھے اور تائب رہے)

اللہ تعالےٰ کا صاف فرمان ہے کہ انسان ضعیف اور عاجز پیدا کیا گیا ہے، ایک ناتوان عاجز کمزور بندہ اس قوی قادر مطلق ذوالجلال والاکرام کبریا ذات کا کما حقہ نہ پہچان سکا اطاعت کیسے کر سکتا ہے پس، منت از دشناس کہ بخدمت گذاشت، تیس شکر ہے کہ اس نے اپنی خدمت میں رکھا رو کا نہیں اور سنئے، مسجد مقام نماز ہے، اور دل جائے عجز و نیاز ہے، مسجد خرقہ پوشوں کی جگہ ہے، اور دل عشق کی شراب نوشوں کا مقام ہے، مسجد امامت کی جگہ ہے، اور دل ملامت کرنے کی جگہ ہے، مسجد سجدہ کرنے کی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

جگہ ہے اور دل اللہ تعالےٰ کے انوار و تجلیات دیکھنے کی جگہ مسجد رکوع کرنے کی جگہ اور دل خشوع خضوع (عجز و نیازی کی جگہ) ہے۔

مصرعہ :- نماز پڑھو جبکہ تیرا دل عجز و نیاز میں ہو،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حضور دل (توجہ الی اللہ) کے بغیر نماز کے قریب مت جاؤ۔ بس اے بیٹے خدا کو پسند یہ ہے کہ نماز عاجزی کے ساتھ ادا کرو، اگر قضا ہو، دوبارہ عاجزی سے پڑھو، بیت ؎

تسبیح ہاتھ میں توبہ زبان پر اور دل گناہوں کے چسکہ سے پُر،
گناہ کو ہمارے ایسے توبہ پر ہنسی آتی ہے۔

نظم ؎ زبان ذکر اور دل گھر کی فکر میں تو ایسے پنجگانہ نماز سے کیا حاصل کیا فائدہ ہوا کہ قرآن شریف سامنے اور دل گائے بھینس کی فکر میں مبتلا ہے

می باید شنید زندگانی مایۂ شادمانی است و گرداب پریشانی و آں بر سہ نوع است اوّل زندگانی بیم است و آں را مرگ از خس و خار و الم پاک گرداند، آیہ ذَالِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّہٗ دوم زندگانی امید است و آں مرکب نفس را بسفر مستعد مشغول دارد، سوم زندگانی دوستی است موجب آزادی و متم شادی است نوشادے کہ قطرہ ایں آب حیات چشیدہ و از خلق و سیہ و با حق آرامیدہ است و آنچہ جز ایں است گرداب پریشانی است، بیت ؎

گر نباشد زندگی در بندگی ⁂ مردنت بہتر ازیں بد زندگی

کسی را کہ ازیں یکے نیست مرگ آسائش اوست و زندگانی آلائش او پس ہر نفسیکہ در یادِ او معمور باشد مایہ سرور است و لمعہ نور و گرنہ شعلہ تنور۔

بیت

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

یکدم از یاد ملک ذو الجلال ؛ خوش بود از عمر صد و بیست سال

سُنیئے :۔ کہ زندگی خوشی کا سرمایہ بھی ہے اور گرداب پریشانی بھی۔ اگر اچھے اعمال اور نیکی میں زندگی بسر ہو تو باعث خوشنودی اور سرمایہ سرور دائمی ورنہ، ابدی رنج و پریشانی ہے اور یہ زندگی تین قسم پر ہے۔ اوّل زندگی بیم یعنے خوف کی زندگی اور وہ رہ گذرِ موت کو خس و خاشاک و رنج و دنیاوی سے پاک کر دیتی ہے (یعنی جب موت و خوف خدا سامنے تو دنیا کی محبت یا نفع نقصان کبھی فکر مند و پریشان نہ کر سکے گی)

ترجمہ آیۃ :۔ یہ درجہ اس شخص کو حاصل ہے جو اپنے رب سے ڈرے،

دوم زندگی اُمید ہے اور وہ اپنے نفس کی سواری کو آخرت کے سفر کے لئے مستعد تیار رکھنا اور سامان آخرت میں مشغول اور رضا و دیدار الٰہی کے لئے منتظر و امیدوار رہنا ہے، سوم زندگی دوستی اور وہ باعث آزادی و بار آور خوشنودی ہے، کیا ہی خوش قسمت ہے وُہ انسان اور وہ دل جس نے اس آب حیات سے ایک قطرہ بھی چکھا ہو، اور مخلوق سے جُدا اور بے پرواہ اور حق تعالےٰ سے وابستہ و پیوستہ ہو چکا ہو، حضرت ابو سعید ابو الخیرؒ فرماتے ہیں ؎

آنرا کہ قضا ز خیل عشاق نوشت ؛ آزاد ز مسجد و فارغ ز کنشت

دیوانۂ عشق را چہ ہجراں چہ وصال ؛ زخویش گذشتہ را چہ دوزخ چہ بہشت

یعنی جانباز عاشق، مسجد، گرجہ، مندر وغیرہ سے آزاد ہجر وصال دوزخ جنّت سے بے پرواہ ہوتے ہیں ۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اِن تینوں زندگیوں کے علاوہ پریشانیوں کی گھمنڈ ہے۔

ترجمہ بیت

اگر زندگی خدا کی بندگی میں نہ بسر ہو اس سے مرنا ہی بہتر،

جس کو ان میں سے ایک بھی زندگی نصیب نہ ہو تو اس کو موت زیبا اور اس کی زندگی باعث مصیبت و تباہ، پس جو دم بھی خدا کے یاد میں معمور (یاد بھرا) ہو تو وہ سرمایہ سرور اور روشنی لو رہے، ورنہ تنور کا شعلہ (بے فائدہ و فضول)

ترجمہ بیت

۵ مالک ذوالجلال کی ایک دم یاد ایک سو بیس ۱۲۰ برس کی عمر سے اچھی ہے۔

جز یاد دوست ہر چہ کنی عمر ضائع است

اُس کی یاد کے بغیر عمر ضائع ہے:۔

می باید شنید کہ موجب غرور دنیا دو چیز است اوّل شرافت نسب و وآں استخوان فروشی است قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کل سبب ونسب منقطع یوم القیمۃ الا سببی ونسبی ہر علاقہ و رشتہ منقطع ہو جائے گا سوائے میرے علاقے اور رشتے کے رواہ البزار والطبرانی فی الکبیر والحاکم فی المستدرک وصححہ وقال الذہبی اسنادہ صالح والدارقطنی والبیہقی فی السنن والضیاء فی المختارہ عن سیدنا امیر المؤمنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وطبرانی عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

ایک روایت یوں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو جمع

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

کیا اور ممبر پر تشریف لے گئے اور فرمایا ما بال اقوام یزعمون ان قرابتی لا تنفع کل سبب و نسب ینقطع الا نسبی و سببی فانھا موصولۃ فی الدنیا والاخرۃ۔ (رواہ البزار) کیا حال ہے ان لوگوں کا جو یہ زعم کرتے ہیں کہ میری قرابت کچھ نفع نہ دے گی۔ تمام رشتے اور علاقے منقطع ہو جائیں گے سوائے میرے رشتے اور علاقے کے کہ وہ بے شک دنیا اور آخرت میں ملا ہوا ہے،

دوم امتیاز حسب و آں بر چہار نوع است اوّل غرور علم کہ رہبر بادیہ عجب است۔

مولوی گشتی و آگاہ نیستی ؛ غود کجا و از کجا و کیستی

از غود آگاہ چوں نئی اے بے شعور ؛ پس نباید ہر چنین علمت غرور

دوم غرور قوت کہ شعور ستوران است

آدمیت مشکل است اے آدمی ؛ چوں بریں زور آور یہا بے غمی!

آدمیت لحم و شحم و پوست نیست ؛ آدمیت جز رضائے دوست نیست

آدمیت گر بقوت می شدی ؛ گاؤ خر آں آدمی بہتر بُدی

دوسرا باعث غرور امتیاز حسب اور وہ چہار قسم پر ہے، اوّل غرور علم جو کہ صحرائے تکبر میں گمراہ کرنے والا رہنما ہے۔

مولوی ہو کر پتہ نہیں کہ کون ہو، کہاں ہو، کس رنگ میں ہو، ارے بے شعور جب اپنے آپ سے آگاہ نہیں تو ایسے علم پر غرور نہ کرنا چاہیئے، ۵

مغرور بخود مشو کہ خواندی ورقے ؛ زاں روز حذر کن کہ ورق بر گردد

چند ورق پڑھنے پر نہ اتراؤ، بلکہ روز جزا کے حساب و کتاب سے ڈرو (کیونکہ بئس مثوا المتکبرین، متکبروں کا بہت بُرا ٹھکانا ہے، لہذا خوف کر غرور سے باز آ خبردار رہو کہ یہی، علم حجاب اکبر ہے (خدا اور بندہ کے درمیان یہی غرور علم

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

بڑا پردہ بن جاتا ہے علم پر غرور نہ کر بلکہ اس سے فائدہ اٹھا جیسا کہ مولانا علم کے تعریف میں فرماتے ہیں ؂

علم چہ بود آنکہ رہ بنمایدت ؛ زنگ گمراہی ز دل بزدایدت

این ہوسہا از سرت بیرون کند ؛ خوف و خشیت در دلت افزون کند

ترجمہ

علم وہ ہے جو تیری رہنمائی کر کے دل سے زنگار اور سر سے ہوا و ہوس و خواہشات کو دور کرے، اور خوف خدا دل میں بڑھاوے، علم کا مطلب و مقصد یہی ہے)

دوسرا غرور قوت جسمانی ہے، جو کہ مویشیوں کا شیوہ ہے:۔

ترجمہ لنظم

اے آدمی ہونا مشکل ہے اس زور آوری پرست ہو کر بے فکری کیسی، آدمیت کوئی گوشت پوست چربی نہیں، بلکہ آدمیت تو دوست کی خوشنودی و رضا مندی ہے، حقیقی انسانیت تو خدا کی خوشنودی و رضا ہے اگر انسانیت جسمانی طاقت میں ہوتی تو بیل، گدھے اچھے خاصے موٹے تازے انسان ہوتے:۔

سوم غرور حسن کہ بیشتر از سایۂ ابر نیست ؂

سبزہ خط گلستان عذار ؛ خوش بود اما چو گل ناپائیدار

چوں قرار رنگ گل جاوید نیست ؛ پس ترا زین بوستاں امید چیست

چہارم غرور دولت کہ خم شراب خود پرستی است و شعلۂ شمع افروز مستی و ایں را غرور اعظم نامند فرعون در سیل ہمیں شراب غرق شد، و نمرود از

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دود ہمیں آتش ہلاک گشت ؎

گماں مبر کہ زر و سیم دادہ اند ترا ؛ ودیعتے است کہ داری بدست روزے چند

چہ سود گر شوی غرہ بر متاع کسے ؛ چو موش بر دوکان روست خورسند

لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ

سوم غرور حسن جو بادل کے سایہ سے کچھ زیادہ نہیں (ابھی ہے ابھی غائب

ترجمہ اشعار ؎ بلغ چہرہ کی خط کی سرسبزی خوشنما ہے لیکن پھول کی طرح ناپائیدار و بے ثبات ہے، مثل پھول کے جیب اس کا رنگ و تازگی ہمیشہ نہیں تو تجھے ایسے بلغ سے کیا اُمید دیکھنے جیسے پھول اور اس کا رنگ، و دنگ و مہک چمک دمک خزاں کے وقت نیست و نابود ہو جاتے ہیں، ایسے ہی تیرے رخساروں کی سرسبزی و خوبصورتی جوانی یا بڑھاپے میں رخصت ہو جائے گی تو پھر غرور کیوں اور کیسی !

چہارم غرور دولت جو کہ خود پرستی کے شراب کا مٹکہ اور چراغ مستی کا ایک شعلہ اور اسی کو غرورِ اعظم کہتے ہیں، فرعون اسی شراب کے سیلاب میں غرق ہوا اور نمرود اسی آگ کے دھوئیں میں ہلاک ہو گیا ؎ یہ گمان نہ کر کہ تجھے سونا، چاندی دیا گیا۔ بلکہ یہ تو امانت ہے، جو چند دن کے لئے تمہارے پاس رکھا گیا، ہے، کیا فائدہ اگر تو کسی کے چند روزہ مال پر غرور کرے تیری مثال ایسی ہے جیسا کہ چوہا کنجڑے کی دوکان پر فخر کرتا ہے (رات ہوئی کنجڑے صاحب گھر تشریف لے گئے تو چوہا آ کر خوشی خوشی رات بھر سیر و شرارت کرتا ہے جونہی صبح ہوئی کنجڑے نے دکان کھولی چوہا دم دبا کر بھاگتا ہے، اور جان بچانے کو غنیمت سمجھتا ہے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

کہیں کا کہیں جا کر غائب ہوتا ہے، دکان صاحب دکان کے حوالے اور اس کی ملکیت سمجھ لو، چند دن کی عیش و مستی پھر پتہ نہیں کہاں ہوں گے۔

لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ زمین و آسمانوں کی سب چیزیں اسی مالک الملک کی ملکیت ہیں، لہٰذا ایسے جا غرور کی کیا ضرورت کسی کی امانت چند روز کے لئے تمہارے پاس ہے، ابھی رخصت ہو جائے گا، اللہ تعالےٰ کا سچا فرمان واضح طور پر موجود ہے پڑھ کر دیکھو اور سوچو، وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ البتہ تم ہمارے پاس ایک ایک کر کے چلے آ رہے ہو (یعنے خالی ہاتھ) جیسے ہم نے پیدا کیا تھا تم کو پہلی بار اور جو کچھ اسباب ہم نے تم کو دیا تھا پیٹھ پیچھے چھوڑ آئے۔

ہر قسم کی تکبر و غرور کو اللہ تعالیٰ نے مختصر الفاظ میں یوں رد کیا ہے لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا

زمین پر مٹک کر (اکڑ خانی) سے نہ چل کیونکہ تو نہ زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ پہاڑیوں کے بلندیوں کو پہنچ سکتا ہے، حق ہے۔

وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ

می باید شنید کہ اہل گفتگو را از کوچۂ من و تو بمنزل اور راہ ندہند اہل دل را در وادی جستجو سرگرداں نکنند و پردہ حجاب از پیش چشم او بر دارند و تحفہ طمانیت پیش آرند یَآ اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

رو در رہِ یومنون بالغیب ؛ برہاں مطلب کہ میکنی عیب
ایں مدرسہ نیست جائے آواز ؛ از سینہ بسینہ میرسد راز

پس اگر جمعیت خواہی پیش زبان بریدگان بر و اگر وحشت خواہی سخن از دہان دریدگان بشنو، رباعی ؎

اے مسافر رہ حق مے طلبی ؛ تا چند نشستۂ مدرس عربی
دیوانۂ مایہ کنگر عرش رسید ؛ از راہِ وکمند و نالۂ نیم شبی

سُنئیے :۔ اللہ تعالےٰ اہل گفتگو یعنی بے معنی باتونیوں جھوٹے دعویٰ داروں کو میرے اور تیرے کوچہ سے اپنی منزل مطلوب تک راستہ نہیں بتلاتا اور اہل دل کو وادی جستجو میں سرگرداں نہیں کرتا، کیا خوب کہا ہے ؎

ہر سو دو دآنکس زورِ خویش ہراند ؛ آنراکہ بخواند بہ رکس ندوا ند

یعنے :۔ نافرمان جدھر بھی دوڑے وہ اپنے در سے اس کو ہٹاتا ہے، اور جس کو چاہیئے اس کو کسی کے در پر نہیں لے جاتا، بلکہ اُن کے آنکھوں کے سامنے سے پردہ ہٹا کر تحفہ اطمینان پیش رکھ دیتا ہے (اور ہر قسم کے انعام و اکرام سے سرفراز مسرور کر دیتا ہے)

ترجمہ مثنوی

ایمان بالغیب کے راستہ سے چل اور دلیل تلاش نہ کر کہ یہ عیب ہے۔
(یعنے ایمان بالغیب لے آؤ اور بے جا فضول دلائل و حجت بازیوں میں نہ پڑ کیونکہ یہ عیب و نقصان ہے)، یہ مدرسہ آواز (یعنی نکتہ چینی و بحث مباحثہ) کا نہیں، بلکہ یہاں تو سینہ بسینہ خفیہ راز پہنچتے رہتے ہیں۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

لهذا

اگر دل کی جمعیت چاہو تو خاموش لوگوں کے پاس جا بیٹھو اور اگر وحشت چاہو تو زیادہ بولنے والوں رجعت بازوں بکواسیوں کی باتیں سنو،

ترجمہ رباعی

اے شیخ راہ حق کے طلب کرنے والے مسافر تو کب تک عربی مدرس بن کر بیٹھا رہے گا، حالانکہ میرے متلاشی دیوانے نالہائے نیم شبی کے کمند دستیر لیعنی نماز سحر کے ذریعہ عرش معلّٰے کی بلندیوں تک جا پہنچے، اگر طالب ہو تو اٹھو اور کمند سے کمر باندھ کر ہمت کرو،

تمنا درد دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی ٭ نہیں ملتا یہ گوہر بادشاہوں کے خزینوں نیں
نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ انکو ٭ ید بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں نیں
ترستی ہے نگاہ نارسا جس کے نظارے کو
وہ رونق انجمن کی ہے انہی خلوت گزینوں نیں (اقبال)

می باید شنید کہ زندگانی ہر چند تلخ است، اما بغفلت شیریں بود و مرگ ہر چند شیریں است اما بغفلت تلخ گردد آیہ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ٭ نظم

غفلت بجہاں اگر نمی شد ٭ ہرگز از و می بسر نمی شد
صیاد فلک ولے نہادہ بر دوش ٭ از بہر شکار ماکسان بے ہوش
اے وائے بریں شعور و دانائی ما ٭ او در پئے ما و ما بخواب خرگوش

وائی بر حال کسیکہ زندگانی شیریں کرد و مرگ را تلخ گردانید و کوزۂ شہد را عوض قطرۂ زہر بخرید اے عزیز عاقل آنست کہ بہرہ از تفکر بدارد،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ

سُنئے :۔ کہ زندگی جتنی بھی تلخ ہے مگر غفلت سے شیریں ہو جاتی ہے، (یعنی زندگی اکثر معصیت اور خطاکاریوں میں گذرتی ہے جو کہ دانا لوگ جانتے ہیں، تو وہ حقیقتاً تلخ ہے، لیکن جب انسان جزا اسزا حساب کتاب آخرت وغیرہ سے غافل ہو جاتا ہے۔ تو وہ ایک گونہ بے فکر ہو کر زندگی کو شیریں سمجھتا ہے، عیش و عشرت گناہوں میں مست رہتا ہے، یہ غفلت کی وجہ سے شیرین ہونا) اور موت چاہے کتنی ہی شیرین ہے، لیکن غفلت سے تلخ ہو جاتی ہے،

یعنے موت بوجہ حصول مراد و وصول مقصود اُخروی حقیقتاً شیرین و نجات دہندہ مفاسد و مکروہات و مصائبات دنیا و زمانہ ہے لیکن بوجہ غفلت از جزا و سزا و ثواب عذاب آخرت تلخ ہو جاتی ہے۔ جو بعد میں پتہ چل جاتا ہے اور کف افسوس ملتا ہوا کہتا ہے، کہ کاش ہمیں دوبارہ دنیا میں جانا نصیب ہو کہ کچھ نیکی کر آئیں وغیرہ۔

یہ ہے شیریں موت کو تلخ کرنا۔

ترجمہ آیت

زمین میں سیر کر کے دیکھو کہ جھوٹوں کا انجام کیا ہؤا (خسارہ) قوم عاد و ثمود و قوم نوح و لوط کے ساتھ کیا کچھ ہؤا، دوسرے جھوٹوں کا کیا حشر ہؤا،

۷ اگر دنیا میں غفلت نہ ہوتی تو گذران مشکل ہوتا ہے (کیونکہ ہر وقت ہر شخص موت و آخرت حساب کتاب کے خوف و ہراس کی وجہ سے رنج و فکر میں مبتلا رہتا، اللہ تعالےٰ کی جلالت و کبریائی اور بے نیازی سے لرزاں و ترساں رہ رہ کر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دنیا کے کسی کام کو ہاتھ نہ لگا سکتا، اور نظام عالم میں کچھ نہ کچھ مشکلات ضرور آتے)

ترجمہ رباعی

فلک کے شکاری نے کندھے پر دام ڈال رکھا ہے ہم جیسے بے ہوشوں کے شکار کا متلاشی ہے، پس افسوس ہماری اس دانائی و شعور پر کہ وہ ہمارے درپئے ہے، اور ہم خواب خرگوش کی طرح غافل مدہوش و بے ہوش پڑے ہیں، پس افسوس کہ اس شخص کے حال پر کہ جس نے زندگی کو شیریں اور موت کو تلخ کر دیا۔ اور ٹھکہ بھر شہد کے بدلے قطرہ زہر کا خریدا، اے پیارے عاقل ہوشیار وہ ہے، جس نے کچھ فکر کیا اور سمجھا

ترجمہ آیۃ

یہ مثالیں ہم لوگوں کے لئے بیان کر دیتے ہیں، تا کہ وہ اُس میں فکر کریں اور عبرت حاصل کریں ؎

جاگنا ہے جاگ لے افلاک کے سایہ تلے ؛ حشر تک سونا پڑے گا خاک کے سایہ تلے

وآں بر سہ قسم است اوّل تفکر حرام و آں بر سہ نوعیت اوّل تفکر حکیمگی ذات حق تعالیٰ و تقدس کہ شر حیر لست لا تَتَفَکَّرُوْا فِیْ ذَاتِ اللّٰہِ وَ تَفَکَّرُوْا فِیْ اٰلَاءِ اللّٰہِ ط ؎

بر جمال او حساب حیر لست ؛ ہر کسے مست شراب حیر تست

دوم تفکر در انجام کار حکم و مصالح دی کہ تخم تہمت است اَمَّا السَّفِیْنَۃُ غَضْبًا ط سوم تفکر در اسرار خلق و آں نہال خصومت است آیۃ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ط دوم تفکر مستحب و آں نیز بر سہ قسم است اوّل تفکر در صنائع او کہ آں مورث حکمت است۔

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اور وہ فکر تین قسم پر ہے، اوّل فکر حرام اور اس کی تین قسمیں ہیں، اوّل حق تعالیٰ و تقدس کے ذات کے متعلق فکر کرنا کیسا ہے، کہاں ہے وغیرہ یہ ناجائز ہے، کیونکہ اس سے حیرانی و پریشانی پیدا ہوتی ہے صحیح فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہے، کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے متعلق فکر نہ کرو بلکہ اس کی نعمتوں میں فکر کیا کرو۔ اس کی جمال میں حیرانگی ہو اور ہر شخص اس حیرت کے شراب سے مست۔

قسم دوم فکر کرنا انجام کار اور ان کے مصلحتوں اور حکمتوں میں (مثلاً یہ کہ شیطان کو کیوں پیدا کیا، شراب کو کیوں حرام کیا، فلاں چیز کیوں حلال ہے، امیر کو زیادہ کیوں دیا۔ غریب کو بھوکا کیوں رکھا ہے وغیرہ وغیرہ کیونکہ یہ تہمت بازی کا تخم ہے سمجھ میں کوئی چیز نہ آوے تو تہمت و افترا بازی پر آمادہ ہوتا ہے لہٰذا مناسب ہے کہ اس قسم کی فکر سے باز رہے اور خاموش رہے)

ترجمہ آیہ

اور وہ کشتی مسکینوں کی تھی جس سے دریا میں مزدوری کیا کرتے تھے پس میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب دار کروں، کیونکہ ایک بادشاہ کشتیوں کے غصب کرنے کے درپے تھا تاکہ کشتی غصب نہ ہو، مطلب یہ کہ قبل از وقت کسی چیز کے متعلق سوچنا یا انجام کار دریافت کرنا اور اس میں نکتہ چینی کرنا یا چون چرا کرنا مناسب نہیں :۔

قسم سوم، مخلوق کے راز و اسرار میں فکر کرنا ٹھیک نہیں (یعنی یہ سوچنا کہ سورج مشرق سے کیوں نکلتا ہے، مغرب سے کیوں نہیں نکلتا، چاند کم و بیش کیوں ہوتا ہے مختلف ملکوں میں مختلف موسم کیوں ہوتے ہیں۔ ایک جیسے کیوں نہیں یا بیماری، مصائب موت کیوں پیدا کئے گئے ہیں، وغیرہ وغیرہ غرض اس قسم کے فکروں میں

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

نہ پڑنا چاہیئے، یہ جھگڑوں کی جڑ ہے (

(بس اس قسم کے مسائل کو یہ جواب کافی ہے) تمہیں تمہارا دین اور مجھے میرا دین کافی ہے، دوسرا فکر مستحب ہے اور وہ بھی تین قسم پر ہے۔

اوّل۔ فکر کرنا اللہ تعالےٰ کے مصنوعات ہیں جو کہ باعث حکمت ہے۔

ترجمہ آیۃ

کیا تونے نہیں دیکھا اللہ تعالےٰ نے کیسے پیدا کئے ہیں۔ سات آسمان تہہ در تہہ طبق طبق، یہ دیکھنا کہ کیسے خوشرنگ پھول، چمکتے تارے اچھی اچھی چیزیں پیدا کی ہیں:- فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ

دوم تفکر در عجائب واقسام آن وآں مینائی بصیرت است، آیہ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ط سوم تفکر در لغمائی تازہ و آلائی بے اندازہ او وآں موجب محبت است آیۃ اَلَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَاۗءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ط سوم تفکر واجب وآں بر سہ نوع است اول تفکر در افعال خویش وآں موجب فرمان عالی شان اوست وَاَنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ط نوع دوم تفکر در عیوب خویش وآں مصدر شرم است كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ط نوع سوم تفکر عرض نامۂ اعمال و ملاحظہ صحیفۂ افعال منشاء وآں بیم است اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ط

قسم دوم عجائبات اور اس کے اقسام میں فکر کرنا جو کہ شیشۂ بینائی ہے

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آیتہ

اللہ تعالےٰ نے ہر ایک چیز کے لیے مقدار، انداز مقرر کر رکھا ہے، سوم اللہ تعالےٰ کے تازہ و بے اندازہ نعمتوں میں فکر کرنا جو کہ موجب محبّت ہے۔

ترجمہ آیتہ

پاک ہے وہ ذات جس نے بنایا تمہارے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت اور برسایا آسمان سے پانی اور اس کے ذریعہ تمہارے کھانے کو پھل پیدا کئے (سُبحَانَ اللہِ) تفکر کا تیسرا قسم فکر واجب ہے اور وہ بھی تین قسم پر ہے، اوّل فکر کرنا اپنے افعال میں جس سے اللہ تعالیٰ کے فرمان عالی شان، کہ انسان ظالم و ناشکرا ہے کی عظمت دل میں پیدا ہوگی۔

یعنے جب انسان اپنے کرتوت کو دیکھے اور اپنے بے صبری اور ناشکری کو اور اللہ تعالیٰ کی شفقت و رحمت اور ہر قسم کے نعمتوں کو دیکھے تو یقیناً خدا کی محبّت و عظمت دل میں آتی ہے کہ کتنا بڑا مہربان بادشاہ ہے کہ باوجود اتنی سرکشیوں و سیہ کاریوں کے پھر بھی وہ اپنی گوناگوں نعمتوں سے نوازتا رہتا ہے دوسرا فکر کرنا اپنے عیوب میں جس سے شرم و حیا پیدا ہوتی ہے، جیسے کہ اللہ تعالےٰ عز و جل فرماتا ہے تحقیق انسان جی کا کچّا دبے صبرا، پیدا کیا گیا ہے، جب اس کو کوئی شر و تکلیف پہنچتا ہے تو جزع فزع کرتا شور مچاتا ہے اور جب اسے بھلائی پہنچتی ہے تو غافل ہو جاتا ہے۔

تیسرا فکر کرنا اعمال کے پیش ہونے میں دکہ ایک نہ ایک دن ضرور اپنا عمل نامہ دیکھنا ہے، اور اپنے افعال کے رجسٹر کو ملاحظہ کرنے کا فکر کرنا جس سے خوف الٰہی پیدا ہوتا ہے،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اگرانسان صحیح طور پر یہ خیال و فکر کرے، کہ قیامت ضرور آئے گی، اور حساب کتاب ضرور ہونا ہے اور فَمَن یَّعمَل مِثقَالَ ذَرَّۃٍ خَیرًا یَّرَہٗ وَمَن یَّعمَل مِثقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ یعنے جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہو دیکھ لے گا، اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہو دیکھ لے گا۔ مدنظر رکھے اور ساتھ ساتھ یہ بھی یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ سینہ کے رازوں (نیت و ارادہ وغیرہ)، کو خوب جانتا ہے تو ضرور خوف پیدا ہو، اور گناہ سے بچنے کی کوشش کرتا رہے گا،

خدا توفیق دے :-

می باید شنید، مردم طول امل را تدبیر انگاشتہ اند و تدبیر را بتقریر انداختہ، کسریٰ را تعمیر الوان چہ تدبیر بود افلاطون را تقریر فلکیات چہ سود داشت،

نظم

بیخبراں تخم امل کاشتند ❊ آخراز اں کشت چہ بر داشتند

رخت عمل بند کہ تاجر شدی ❊ آمدی و باز مسافر شدی

اے عزیز دلپذیر تدبیر آنست کہ در رضائے حق تعالیٰ بکوشی تا بر قع خجالت نپوشی مصداق رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ شو۔

سُنیئے، کہ انسان کو لمبی لمبی اُمیدوں (اور حصُول دنیا کے خیالات) نے بہت تدابیر دماغ میں بھر دیئے ہیں، اور ان تدابیر میں سوچ و گفتگو پر آمادہ کر رکھا ہے۔ لیکن دیکھو تو پتہ چلے کہ، کسریٰ کو دیوان و محل نے کیا فایدہ دیا، اور افلاطون کو تقریر فلکیات سے کیا نفع پہونچا۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ترجمہ نظم :۔

نادانوں نے بڑی بڑی آرزوؤں اور اُمید کا بیج بو دیا لیکن اس کیفیت سے کیا کچھ حاصل کیا۔ غور کرو تو سوائے مصیبتوں کے کچھ نہیں، اسی طرح ہر ایک انسان کو اپنی ہستی کے مطابق یا اس سے زیادہ اُمیدیں لگی ہوتی ہیں، اور شیخ چلی کی طرح بادشاہی بناتے رہتے ہیں، ادھر موت کی ٹھوکر لگی ہو ——— ادھر بادشاہی ختم، چونکہ یہ تو یقینی امر ہے، کہ ایک نہ ایک دن ضرور مرنا ہے، اور اس دنیا سے جانا ہے تو گویا ایک مُسافر کی حیثیت ہے۔

لھٰذا

چاہیئے کہ عمل کا سامان باندھ کر تو مسافر تا جر ہے، آج (اس سرائے دنیا میں) آیا ہے، اور کل جائے گا، ابھی سوچو کہ تمہارے سفر کی ضروریات کیا ہیں اور تم اپنے ساتھ کچھ لے جاؤ، تمہیں راستے میں کھانے پینے کی چیزیں درکا ہوں، اور تم اپنے ساتھ گھر کے دروازے اور دیواروں کی اینٹ، پتھر، میز، کرسی، سب کچھ اٹھا رکھو، کہ یہ بھی تو ہماری ہیں، تمہاری ہیں نہیں، بلکہ کفیں، اور اب سفر میں بیکار بلکہ باعث تکلیف و پریشانی بس نقدی لے جاؤ اور نقدی بھی وہ کہ جس ملک جانا ہو وہاں کام دے سکے، ملک آخرت کے لئے نیک اعمال کی ضرورت ہے۔

لھٰذا

اے پیارے بہترین تدبیر یہ ہے، کہ حق تعالیٰ کی رضا تلاش کر، کہ قیامت کے روز شرمندگی کا برقع نہ اوڑھنا پڑے، اور خدا کے سامنے شرمندہ نہ ہوں، بلکہ اس کی رضا حاصل کر کہ اللہ تعالےٰ ان سے راضی اور وہ اللہ تعالےٰ سے راضی کا مصداق بن کر کامیاب و سرفراز ہو، خدا نصیب کرے۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ

خدا کے ہاں کوئی مشکل نہیں جس پر چاہے فضل کرے۔

می باید شنید کہ آتشِ عشق چوں در دل افروزد نزدیک باشد کہ خرمن عقل بسوزد ؎

عشق اخگر و پنبہ زار ہوش است ؛ ہمرہیِ آں نہ کار موش است

پس اگر آبِ اطمینانی بر وے ریختہ شود آتش کاردانی باشد ہم دین است وہم دولت و چوں آں آتش زبانہ زد و آبی خویشتن داری مشکل است

العشق نارٌ ویحرق ماسوی اللّٰہ دوہا ؎

ناہر ہو کر نیر امن میں پیٹھ آئی ؛ باہر بہتر ہو میں جب پاد نہ کھاوہ

العشق نارٌ نورٌ بای قلب نزلت تصرف ملکا لا یبقی فیہ الا وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

حتی کہ آں آتش از آتش خود بسوزد، مثنوی ؎

عشق سوزاں آتش و عاشق نفسے است ؛ عاشقی کردن نہ کار ہر کسے است

عشق در ہر دل کہ آتش بر فروخت ؛ خاک کرد او را و پس خود ہم بسوخت

سُنئے :- کہ جب آتش عشق دل میں شعلہ زن ہو جائے تو قریب ہوتا ہے کہ وہ خرمن عقل کو جلا پھونکے، عشق آگ اور عقل ہوش مثل پنبہ کے دیجو آگ پہنچتے ہی جل کر راکھ ہو جاتی ہے، ہیں عشق میں رہنا چوہوں کا کام نہیں بلکہ ایں راسمندرے می باید، یعنے اس کو وہ آتشی کیڑا جس کو سمندل کہتے ہیں برداشت کر سکتا، ٹھیک کہا ہے جگہ شیر نداری سفر عشق مکن، جگر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

شیر نہ رکھتا ہو تو سفرِ عشق نہ کر)

پس اگر اطمینان کا پانی اس پر ڈالا جاوے اور وہ آگ کار آمد ثابت ہو تو دین دولت دونوں حاصل اور وہ آگ شعلہ نما اور تو اپنی خود بینی کا پانی رکھے تو مشکل۔

یعنے عشق کے معاملے میں مٹی بنو اور اطمینان کے ساتھ خاموش رہو، صبر و ضبط ہو تو کچھ کام چلے اور اگر تکبر و غرور والا ہو تو جلا دے گا عشق ایک آگ ہے جو ماسوائے اللہ سب چیزوں کو جلا ڈالتا ہے، (بس خدا کی یاد و محبت میں رہ جاتے ہیں باقی سب کچھ بھول جاتے ہیں خود بھی فنا ارادے و خیالات سب فنا)

ترجمہ دوہا اے عشق شیر ہو کر دل میں تاثیر کر، اور تعلقات ظاہری ماسوائے اللہ سب چیزوں کو کھا کر نیست و نابود کر، اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ عشق میرے نور کا ایک شعلہ ہے، جس دل میں اترا اس دل کو ایک ایسا ملک کر دیتا ہے کہ اس میں سوائے تجلّیات و انوار اور یادِ الٰہی کے اور کچھ نہیں رہتا، اور حتی کہ وہ شعلہ بھی خود اپنے گرمی و تیزی سے جل جاتا ہے (جیسے حضرت ابو سعید رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے

رفعت او زمیاں ہمیں خدا ماند خدا ؛ الفقر اذا تم ہو اللہ ایں است

یعنی، انتہائی عشق میں انسان فنا ہو کر ہمہ تن وجود محبوب کے یاد و خیال میں مستغرق ہو کر اپنے سے بے خبر ہو جاتا ہے، نہ جان کا پتہ نہ جہاں کا نہ عشق کا، نہ محبت کا کچھ عجیب حالت ہوتی ہے، خدا نصیب کرے) ہے

عشق میں کیا عجب مزا پایا ؛ ہر درد کی دوا پائی درد لادوا پایا

(غالب)

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ترجمۂ مثنوی

عشق جلانے والی آگ اور عاشق مثل خس و تنکا ہے، عاشقی کرنا ہر ایک کا کام نہیں، عشق جس دل میں بھڑک جائے تو اس کو خاک کر دیتا ہے، خود بھی فنا ہو جاتا ہے، ٹھیک کہا ہے۔

عاشقی چیست بگو بندۂ جاناں بودن

عاشقی کیا ہے، اپنے محبوب کا بندہ غلام بننا ہے جتنی بندگی پوری اتنا ہی بندہ کامل انسان ہو جاتا ہے۔

می باید شنید کہ محبت بر سہ قسم است اوّل محبّت دنیا کہ مآل آں حسرت است نظم ؎

اسکندر و کیقباد و جمشید ؛ رفتند بعد ہزار اُمید
بارِ غم آخرت بسر برد ؛ آنکس کہ بفکر گاؤ خر مرد

این شعار دنیا داران است، دوم محبت دین کہ منفعت آں بہشت است۔

رفعت بہ خیال آنکہ عدلش خواہی ؛ درد کہ کنی نماز و بدلش خواہی
آن بہ گنہ داد روز حساب ؛ روی بہ پیش او و فضلش خواہی

ایں کار عابداں است، سوم محبت الٰہی کہ مایہ شادی و ثمر بے غمی است ؎

ایں بادہ عام اہل درد انست ؛ ایں بیشہ مقام شیر مرد انست
پروانہ بعشق شمع جان داد ؛ زنہار مگس نمی توان داد

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

واین کار آزاداں است "آیۃ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ مَا اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ پس اگر بے غمی خواہی مجوبی بجو کہ ہلاکش ممکن نباشد تا غمناک نشوی ؎

خوشتر بجہاں زبے غمی نیست ⁂ دردا کہ ہیچ آدمی نیست

وطلب را نیز ہمیں سہ درجات است وآں بے محبّت صورت نہ بندد،

سُنیئے:۔ کہ محبت تین قسم پر ہے، اوّل محبّت دنیا کہ اس کا انجام حسرت وافسوس ہے،

ترجمہ نظم

سکندر کیقباد و جمشید لاکھوں اُمیدوں کے ساتھ چل بسے اور اُخروی غم کا بوجھ سر پہ دہ شخص لے گیا جو گدھے، گئے (یعنی دنیاوی ساز و سامان) کی فکر میں مر گیا، یہ دنیاداروں کا طریقہ ہے، دوم محبّت دین جس کا انجام نفع بہشت ہے،

ترجمہ رُباعی

اے رفعت ازروئے انصاف تیرا یہ خیال قابلِ افسوس ہے کہ اس کی نماز پڑھ کر بدلہ مانگتے ہو یہ تو تجارت ہوئی ؎

سوداگری نہیں یہ عبادت خدا کی ہے ⁂ اے بے خبر جزا کی تمنّا بھی چھوڑ دے

(اقبال)

اس سے تو یہ بہتر ہے کہ گناہ گار و شرمسار قیامت کے دن خدا کے سامنے جاؤ، اور اس کا فضل و کرم طلب کرو کیونکہ گناہ سے پاک تم تو کسی صورت میں بھی نہیں تو پھر گناہ گار ہو کر تھوڑی سی چیز کا بدلہ مانگنا کہاں کا

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

انصاف ہے) یہ نماز و خواہش جنت وغیرہ عابد پرہیز گاروں کا کام ہے، سوم محبت الٰہی جو سرمایہ خوشی اور باعث بے غمی ہے ؎

یہ شراب کا پیالہ درد والوں کا ہے اور یہ محبت و عشق کا جنگل شیر مردوں کا ہے پروانہ نے شمع کے عشق میں جان دی مگر یہ کام مکھی سے کبھی نہ ہو سکا، کیا خوب کہا ہے ؎

سوداقمارِ عشق میں شیریں سے کوہکن ؛ بازی اگرچہ نہ پا سکا، سر تو کھو سکا
کس منہ سے پھر تو آپ کو کہتا ہے عشق باز ؛ اے روسیاہ تجھ سے تو یہ بھی نہ ہو سکا

یہ آزاد لوگوں کا کام ہے جن کو خوف نہ غم، جو بھلائی اُن کو پہنچتی ہے، تو اللہ کی طرف سے پس اگر تو بے غمی چاہتا ہے تو ایسا محبوب تلاش کر جو کبھی فنا ہونے والا نہ ہو، کہ غمناک نہ ہوئے (سبحان اللہ) کیا کہنا ایسے محبوب کا، حضرت ابوسعید ابوالخیر رحمہ اللہ تعالےٰ کیا خوب فرماگئے) رباعی ؎

جائیکہ تو باشی اثر غم نبود ؛ آنجا کہ نباشی دل خرّم نبود
آنرا کہ ز فرقت تو یکدم نبود ؛ شادیش ز زمین و آسمان کم نبود

ترجمہ :۔ اے محبوب جہاں تو ہے وہاں کوئی غم نہیں اور جس جگہ تم نہ ہو وہاں کوئی دل خوش نہیں اور جسے ایک دم بھی تیرا فراق نہ ہو تو اس کی خوشی زمین و آسمان سے بھی زیادہ)

دنیا میں بے غمی سے خوش ترین کوئی چیز نہیں اور یہ ایک درد ہے، جو ہر آدمی کو میسر نہیں، محبت کے ساتھ ایک قسم کی شوق خواہش طلب ہوا کرتی ہے تو اس مطلب کی بھی اسی طرح تین تین درجے جس چیز کی جتنی محبت، اسی طرح اتنی طلب اور طلب کے بغیر محبت کے کوئی وجود نہیں، (محبت نہ ہو تو طلب

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

(خواہش کیسے ہو)

می باید شنید کہ دانا را چوں بر حقوق ایزد توانا نظر افتد و قدری گوش شنوا و چشم بینا و دل دانا باشد امر و نہی ورا در حق خود احسان عظیم بیند لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا چوں خود را در ادائی آن ہم متہاون بیند پرچہ نان خوان نعمت او خوردن حرام داند، اَلَمْ یَکُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِیٍّ یُّمْنٰی ثُمَّ کَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰی ۔

رُباعی

اے آنکہ خوری وظیفہ از خوان خدا ؛ صد حیف کہ سرکشی ز شان خدا
زیں پیش چہ بودی و چہ ہستی امروز ؛ بر باد مدہ حقوق و احسانِ خدا

پس آنرا نکہ دیدۂ انصاف وا شد زندگی برو تنگ شد و ابواب شرمندگی بروی بگشاد ۔ بیت ؎

حاصل نہ شد از وجود سودی ؛ رفعت چہ شدی گرت نبودی

نظم

یارب بگناہ خویشتن منفعلم ؛ در پیش تو چشم چوں کشائیم خجلم
جز عفو چہ میکنی سجال رفت ؛ آخر تو توی و من ہماں آب و گلم

سُنیئے :- کہ جب عقل مند آدمی کی اللہ تعالےٰ کے حقوق پر نظر پڑے اور وہ ذرہ بھر بھی قابل شنید کان اور قابل دید آنکھ اور سمجھ دار دل رکھتا ہو تو امر و نہی کو اپنے حق میں احسان عظیم سمجھے گا ۔ (یعنے جب رؤف و رحیم پروردگار

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

کے ہر ہر حکم کو منور دل سے دیکھے گا تو اس کی شفقت و رحمت معلوم ہو کر ہمہ تن پر عمل پیرا ہونے کے درپے ہوگا، اور خوش ہو کر جان لے گا واقعی اللہ تعالیٰ کسی کو طاقت زیادہ تکلیف نہیں دیتا، اور جب وہ اپنے آپ کو ان حقوق کی ادائیگی میں کوتاہ دیکھے گا (تو شرم کے مارے) انکے نعمتوں سے ایک ٹکڑا کھانا بھی حرام سمجھے گا۔

ترجمہ آیۃ

کیا وہ انسان ایک بوند منی کا نہ تھا، جو پیدا کیا گیا، پھر ایک توڑا بنایا گیا پھر پیدا کر کے برابر کر دیا (یعنی پورا جسم و شکل انسان بنایا)

ترجمہ رباعی

اے آدمی جو کہ خداوند کریم کے دستر خوان سے وظیفہ کھا رہا ہے افسوس صد افسوس کہ پھر بھی اس کے شان حکم سے سرکشی کرتا ہے، اس سے پہلے تو کیا تھا، اور اب کیا ہے، لہذا خدائے تعالیٰ کے حقوق و احسان کو مفت ضائع نہ کر (بندہ بن اور بندگی کر) پس جس کی آنکھیں کھل گیئں تو زندگی اس پر تنگ اور شرمندگی کے دروازے کشادہ ہو جاتے ہیں (اور اس خیال میں ڈوبا رہتا ہے،

رباعی ۵

گر خلق چنانکہ من منم دانندم ؛ ہمچوں سگ در بدر رانندم
وز آنکہ دروں بیروں بگردانندم ؛ مستوجب آنم کہ بسوزانندم

(یعنی اگر لوگ میری حقیقت سے واقف ہو جاویں تو کتے جیسے دربدر کر دیں یا جلا ڈالیں)

ترجمہ بیت

اے رفعت تیرے وجود سے تو کوئی نفع حاصل نہ ہوا کیا اچھا ہوتا

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اگر تو نہ ہوتا ؎

ترجمہ نظم

یارب اپنے گناہوں پر پشیمان و پریشان ہوں، تیرے آگے آنکھ کیسے اٹھاؤں شرمندہ ہوں تو رفعت کے حال پر سوائے عفو و کرم کے کیا کرے گا، آخر تو تو یعنی غفور الرحیم، ہے اور میں وہی گارا پانی ناچیز انسان،

انسان کو چاہیئے کہ ہر وقت اپنے خدا کے سامنے عجز و انکساری کرے، اور معافی مانگتا رہے، وہ غفور الرحیم ضرور رحم و کرم فرماتا ہے ؎
پھر اُس کی شانِ کریمی کے حوصلے دیکھیے ؛ گناہ گار یہ کہہ دے گنہگار ہوں میں

می باید شنید، کہ وجود آدمی چوں کشتی است و دل ناخدائے وی باد در بین عقل کشتی چوبی از ہوا روان شود این کشتی از ہوا غرق گردد ہشیار باش تا کشتی بہ تباہی نشود و لقمۂ رزق ماہی نشوی،

نظم

درین گرداب کار ناخدا نیست ؛ اُمید ما بجز فضلِ خدا نیست
درین کشتی متاع دین و دنیا است ؛ جو بر گردد بساحل طالع ماست

می باید شنید، کہ طلب را صدق درکار است در راہ طلب تا صادق نباشی در زمرہ محبانت نشمارند و آں راسہ نشان اند آنچہ میگوئی کنی و آنچہ نمائی داری و از انجا کہ آواز دہی باشی۔ بیت ؎
از آں در بوستانم بلبلی نیست ؛ کہ غیر از شاخ سرو آنجا گلی نیست

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سُنیئے :- کہ انسان کا وجود کشتی اور دل ملاّح عقل دُوربین، لکڑی کی کشتی تو ہوا سے چلتی ہے، لیکن یہ وجود کی کشتی ہوا سے غرق ہوتی ہے، ہوشیار ہو کہ کہیں یہ کشتی تباہ نہ ہو جائے، اور تو مچھلی کی خوراک نہ بن جائے سے اس گرداب میں ناخدا کا کوئی کام نہیں اور ہماری اُمید سوائے فضلِ خدا کے اور کچھ نہیں اس کشتی میں دین اور دنیا کا سامان ہے اگر بخیریت کنارے لگی تو ہماری خوش قسمتی

سنیئے :- کہ طلب کے لیئے صداقت درکار ہے، طلب کے معاملے میں جبتک صادق نہ ہونگے تو وہ تمہیں اپنے محبین (مقربین) کے گروہ میں شامل نہ کریں گے اور صدق کی تین نشانیاں ہیں۔

اوّل یہ کہ جو کہو تو کر بھی دکیونکہ کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ بڑھ کر گناہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ ہے کہ جو کچھ تم کہو اور نہ کرو سچائی یہ کہ جو تو کہے وہ کرے۔

دوسرا یہ کہ جو کچھ دکھلاؤ جو تمہارے پاس ہو یعنی جو کچھ تم رکھتے ہو جتنی تمہاری مالی یا علمی حیثیت ہو اتنا ہی کہو اور کرو، اور دکھلاؤ، فضول جھوٹے دعوے نہ کرو اور نہ خواہ مخواہ ڈھینگیں مارو!

تیسرا یہ کہ جہاں سے آواز دو وہاں پر ہو بھی یعنی جس درجے کا دعویٰ کرو اس درجے میں بھی ہو۔

ازدر دنشان مدہ کہ درجانِ تو نیست :: بگذر زولایتی کہ آں زاں تو نیست
از بے خردی بود کہ با جوہریان :: لاف از گہرے زنی کہ درکان تو نیست

یعنے وہ درد نہ تبلانا جو تجھ میں نہ ہو، اور اس ملک سے نکل جا جو تیرے مناسب حال و موافق نہ ہو، یہ بڑی بے وقوفی ہے کہ جوہر فروشوں کے ہاں اس جوہر کا ذکر کرو، ڈھینگیں مارو جو تیرے کان میں نہ ہو نہ کبھی دیکھا ہو کیونکہ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

شرمندہ و رسوا ہوجاؤ گے)

ترجمہ بیت

میرے باغ میں بلبل اس لیے نہیں، کہ اس میں سرو کی ایک شاخ کے علاوہ اور کوئی گل نہیں،

پھول ہی نہیں، صداقت ہے، نمائش نہیں
بلبل تو پھولوں کی نمائش دیکھنے والے ہوتے ہیں

می بائد شنید کہ آدمی را چوں کار با تدبیر موافق افتد بر صیانت رائی خویشتن تحسین کند و چوں مخالف گردد حوالہ بتقدیر میناید، نظم ؎

بکار او دنیا بد و ہم بد کرد ؛ بدی را با یدم نسبت بخود کرد
ہمہ تقصیر تست اے مرد دانا ؛ مگر نشنیدہ اِنَّا ظَلَمْنَا

شرط بندگی آنست کہ اگر بجا افتی خود را ملامت کن و اگر بجا آئی شکر نعمت او بجا آر، من یشکر فانما یشکر لنفسہ و من یکفر فان اللہ غنی حمید ؎ نظم

اے لعل درون تودۂ خاک ؛ ہم زہر خودی و ہم تو تریاک
خود رہزن و غول راہ دینی ؛ شیطان خودی چو نیک بینی
خود تیر و خدنگی و نشانہ ؛ صیاد خود دریں زمانہ

آیۃ:- اِنَّ اللّٰہَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ وَلٰکِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَہُمْ یَظْلِمُوْنَ

سُنیئے:- آدمی کا جب کوئی کام تدبیر کے موافق ہو جاوے تو اپنے رائے و عقل مندی پر نازاں ہوتا فخر کرتا ہے اور جب مخالف تدبیر ہو جائے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تو تقدیر کے حوالے کر دیتا ہے۔ (خواہ مخواہ تقدیر کو بدنام کرنے لگتا ہے)

ترجمہ نظم ؎

اس کے کاموں پر بُرا گمان نہیں کرنا چاہیئے۔ بلکہ بدی کو اپنی طرف منسوب کرنی چاہیئے، کیونکہ اے دانا آدمی یہ سب تیری کوتاہی ہے، کبھی نہ سُنا ہوگا (کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہو) ہم نے ظلم کیا، بندگی کی شرط تو یہ ہے کہ اگر جاہ و مرتبہ سے گر جاؤ تو اپنے آپ کو ملامت کرو، اور اگر کسی جاہ و مرتبہ پہ مامور ہو تو اس کی نعمت کا شکر ادا کرو۔

ترجمہ آیتہ

جو شکر کرے تو وہ شکر کرتا ہے، اپنے نفس کے لئے اور کفر یعنے ناشکری کرے تو اللہ تعالیٰ بے پرواہ اور جمیع صفات کا مالک بادشاہ ہے (اپنا نقصان کریگا اس کا کیا)

ترجمہ نظم

اے خاک کے تودہ میں پوشیدہ موتی (اے قابل قدر بیش قیمت تمام مخلوق پر فوقیت رکھنے والا ہر دلعزیز انسان) تو اپنے لئے زہر بھی ہے اور تریاق بھی اور تو ہی خود اپنے دین کا رہزن اور ڈاکو جب تک تو اپنے آپ کو اچھا سمجھا گا، تو اپنا شیطان آپ ہے، خود تیر کمان خود ہی آپ نشانہ، اور ایسے وقت میں اپنا شکار ہی آپ (نیک عمل کرے گا۔) تو اپنے لئے تریاق ورنہ زہر ثابت ہوگا اور اپنے لئے ہلاکتوں و مصیبتوں کا باعث ؎

کیا کہیئے آدمی کہ عجب چیز ہیں جناب :: برتر ملائکہ سے فروتر دواب سے

ترجمہ آیتہ

اللہ تعالےٰ کسی پر ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا، بلکہ یہ لوگ اپنے نفسوں پر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ظلم کرتے ہیں، حضرت ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ؎

کس دشمن من نیست منم دشمن خویش :: ای وادی من دوست من ودامن خویش

یعنے میرا کوئی دشمن نہیں بلکہ میں اپنا دشمن خود ہی ہوں، پس افسوس ہی مجھ پر اور میرے ہاتھ و دامن پر بہت سوچ کا مقام ہے دیکھئے ؎

زوجۂ فرعون ہوے طاہرہ :: اہلیہ نوح نبی ہو کافرہ

کچھ نہیں دم مارنے کا یہ مقام :: پہنچے اس نکتہ کو کب فہم عوام

ایک اور شاعر کا قول سنئے :-

نہیں رہی ہے ہمیشہ کسی کی بات بڑی :: کبھی کے دن ہیں بڑے اور کبھی کی رات بڑی

لہذا عجب و غرور و تکبر سے باز رہنا ہے ؎

بنی آدم سرشت از خاک دارد :: اگر خاکی نباشد آدمی نیست

خاک کا بنا ہوا انسان خاکساری نہ کرے تو وہ آدمی ہی نہیں،

می باید شنید کہ عارف بر درد و رنج شادی کند چوں عامی بر حصول گنج مبارکبادی جدید۔ نظم ؎

زاہد غم دوست جز شکر نیست :: ایں تیر نصیب ہر جگر نیست

بداں دہد آں حبیب جانی :: شیریں داند آنچہ تلخ دانی

می باید شنید کہ شرم آب است کہ گرد الم از دامن معصیت بشوید وجامہ نفس را پاک گرداند وآن بر دو نوع است اوّل شرم خلق کہ از شریعت افزاید وآں کار مہجوران است دوم شرم از خالق وآن از تفکر آید وایں کار نزدگان است وَفِيْ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ لہ اما شرم خلق مہجوران را اکثر بریا می کشید ؎

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

چار من آبست خواہی کنی غسل بدن ٭ قطرۂ زیں آب بہر غسل دل کافی بود

سُنئیے کہ عارف درد و رنج پر خوشی کرتا ہے جیسے عوام خزانہ کے ملنے پر خوشی و مبارکبادی کرتے ہیں۔

ترجمہ نظم

اے زاہد دوست کا غم تو شکر ہے یہ دُر لطف (؟) تیرے جگر کو نصیب نہیں، یہ پیاری چیزیں وہ حبیب جانی اس دشمن کو دیتا ہے جن کو شیریں معلوم ہوں وہ چیزیں جو تجھے تلخ ہوں،

سُنئیے :- کہ شرم وندامت ایک قسم کا پانی ہے جو گرد و غبار معصیت کو دامن نفس سے دھو ڈالتی ہے اور لباس کو پاک کر دیتی ہے اور وہ دو قسم پر ہے اول شرم مخلوق سے جو شریعت سے پیدا ہوتی ہے اور یہ مہجور (عوام) لوگوں کا کام ہے، دوسرا شرم خالق ہے جو فکر و سوچ سے پیدا ہوتی ہے اور یہ مقرب لوگوں کا کام ہے۔

ترجمہ آیتہ

اللہ تعالےٰ کے آیات و دلائل قدرت تمہارے نفسوں میں (موجود) ہیں کیا تم نہیں دیکھتے، لیکن شرم مخلوق اکثر عوام کو ریا میں ڈال دیتی ہے دواقعی شرم وحیا الضف ایمان ہے) ؎ یعنی چار من (فارسی میں من سے مراد ایک خاص پیمانہ ہے جو سیر سے کچھ کم یا زیادہ ہے) پانی غسل کے لئے موجود ہے، اگر غسل بدن کر دو لیکن دل کے غسل کے لئے اسی حبیب کے پانی کا ایک قطرہ بھی کافی ہے۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

یعنے

اس رب ذوالجلال سے ذرہ بھر بھی شرماؤ اور حیا رکھو اور منع کئے ہوئے چیزوں مثلاً:- زنا، غیبت، چغلی، چوری، جھوٹ رشوت، دھوکہ بازی، حرام خوری، ظلم وستم سے باز آجاؤ۔

اور یہ خیال رکھو کہ اس کا جلوہ تو ہر جگہ موجود ہے، علیم، بصیر ہی نیز اس کے احکام وامر پر کاربند ہو جاؤ تو تعمیل حکم آقا مولا پیارا مشفق مہربان مالک دیکھ دیکھ کر خوش ہو گا۔

حبیب بادشاہ

راضی وخوش ہوا تو کس چیز کی کمی اور کس چیز کا خوف وڈر، کیونکہ وہ قادر مطلق مختار ہر وقت ساتھ ہے۔ پس ما چوں خدا داریم چہ غم داریم، کا مصداق ہو، معاف کردے گا۔

می باید شنید کہ ریا شعار کے بود کہ از مبداء ومعاد خبر نداشتہ باشد چہ اگر آمد وباز بازگشت خود را بداند وقبول خلق بخاطرش نیاید تحسین وملامت مردم موجب گروہ وانبساط او نگردد نضیحۃ الدنیا اھون من فضیحۃ الاخرۃ

اگرچہ در جہاں صد یار داری ⁂ چہ شد آخر بیک کس کار داری

ریاکار ہر چند بغرت زید اما عاقبت لفضیحت کشید وطاعت او معصیت

نظم

طاعت کہ برای خلق کردی ⁂ بدنامی کہنہ دلق کردی

حقا کہ معاصی وگنہ گار ⁂ بہتر ز عبادت ریاکاری

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سُنئیے :۔ کہ ریا اس آدمی کا کام ہے کہ جس کو پیدائش و موت دنیا و آخرت کی خبر نہ ہو اگر کسی کو اپنے آنے اور دوبارہ چلے جانے (یعنی حیات و موت) کا پتہ چلے تو اپنے آپ کو لوگوں میں مقبول یا غیر مقبول ہونے کو کچھ نہ سمجھے اور کسی کی شاباش و آفرین یا ملامت موجب خوشی و غم نہ ہو اور وہ جان لیتا ہے کہ دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے بہت کم ہے۔

ترجمہ اشعار

اگر تمہارے دُنیا میں سینکڑوں ہزاروں دوست ہوں تو کیا ہوا آخر ایک ذات باری تعالیٰ سے تمہارا کام و واسطہ ہے ریا کار آدمی کتنا بھی دنیا میں باعزت و باوقار ہو، آخرکار اس کی عاقبت رسوائی اور عبادت باعث گناہ

ترجمہ نظم

اے انسان جو عبادت کہ تو نے مخلوق کے لئے کی یہ کیا کیا خواہ مخواہ اپنے پرانے گدڑی کو بدنام کیا۔ اس گدڑی یا تیرے جسم سے مقصود کچھ اور تھا، اور تو نے کچھ اور کیا، حقیقت یہ کہ گناہ اور گناہگار رہنا بہتر ہے، ریاکاری اور ریاکار سے قرآن مجید میں صاف فرمانِ الٰہی ہے فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ الَّذِیْنَ هُمْ یُرَاءُوْنَ وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ط

ترجمہ

پس ویل گھاٹی ہے ان لوگوں کے لیئے جو نماز سے غفلت کرتے ہیں اور ان لوگوں کے لیئے جو دکھلاوا کرتے ہیں نمائش کیلئے نمازیں پڑھتے ہیں الغرض دکھلانے نمازیں پڑھتے ہیں، لیکن ریاکاری کے سبب ویل گھاٹی کے مستحق قرار دیئے جاتے ہیں، واقعی یہ کوئی بہت بُری چیز ہے ۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

مسجد تو بنا لی دم بھر میں ایمان کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی تھا برسوں میں نمازی بن نہ سکا

بزمین چو سجدہ کردم ز زمین ندا و برآید
کہ مرا خراب کردی تو بسجدہ ریائی

بطواف کعبہ رفتم بحرم رحم نداوند
تو برون درچہ کردی کہ درون خانہ آئی

یعنے

زمین پر سجدہ کیا تو آواز آئی کہ ارے اس ریاکاری کے سجدہ سے کیوں مجھے خراب کر دیا

طوافِ کعبہ کو جانے لگا، تو حرم نے روک لیا کہ تم نے بیت اللہ کے باہر کیا کچھ کیا، کہ اب اندر آئے ہو۔

می باید شنید عاقل را ارشاد مرشد کامل سر و دلسیت و پیش مردم تصویر بے حاصل خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ

بیت

یک نکتہ بس است اگر شعور است ؛ ورنہ چوں چراغ پیش کور است

پس بشنو اے عزیز اگر بذات و صفات پروردگار خود ایمان راسخ آوردی و خود را وظیفہ خوار سفرہ عام او دانستی دیگر چہ ارشاد میخواہی و مرشد میجوئی ۔ قطعہ

دی شب بچمن بخواب غفلت بودم ؛ تا آنکہ سحر شد و نگشتم ہشیار !
ناگاہ خروش بلبلان سحری ؛ رفعت چو بگوش من رسید از گلزار

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

برخاستم و بخود ملامت کردم ؛ صد حیف کہ من بخواب و مرغان بیدار
زیں دست شکستہ بر نیاید کارے ؛ یاران پہ تواں شدن مرا آخر کار
پس از پیر طریقہ کمال معرفت جئی زیادہ از

سُنیئے :- کہ عقل مند آدمی کے لئے مرشد کامل کا ارشاد مثل سرمہ کے ہے، (جو اس میں اثر کرتا ہے) اور دوسرے لوگوں کے لئے ایک بے حاصل وبے فائدہ تصویر، ترجمہ آیہ
اللہ تعالےٰ نے اُن کے دلوں اور کانوں پر مہر لگادی اور ان کی آنکھوں پر پردے ڈال دیئے ہیں (یہی احکام و آیات الٰہی مسلمان سُن کر ایمان لاتے اور عمل کرتے اور کفار منافقین پر کچھ بھی اثر نہیں ہوتا، اس طرح ارشاد مرشد سے عوام پر کوئی اثر نہیں ہوتا اور عقل مندوں کے لئے کافی فائدہ بخش و نفع رساں ہوتا ہے)

بیت ، اگر شعور ہے تو ایک ہی نکتہ کافی ہے، ورنہ چراغ اندھے کے سامنے کا قصّہ ہے پس سُنو اے پیارے اگر اللہ تعالےٰ کی ذات پر کامل ایمان لے آئے ہو اور اپنے آپ کو ایک عام دستر خوان کا وظیفہ خوار سمجھتے ہو تو (پھر اس سے بڑھ کر) اور کیا ارشاد چاہتے ہو، اور مرشد کیوں تلاش کرتے ہو (کیونکہ مرشد یہی بتلاتا ہے کہ رب العٰلمین کا وظیفہ خوار بندہ اور وہ جمیع صفات کا مالک تیرا مربی تیرا رازق خالق آقا مولیٰ خداوند کریم ہے۔ لہٰذا اس کو پہچان اور صحیح بندہ بن پوری سچی بندگی کو مرشد یہی ہدایات و رہبری کرتا ہے) پس اگر تجھے حق الیقین ایمان کامل و عقیدہ راسخ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

حاصل ہے تو اچھا ورنہ مرشد کے ذریعہ ہدایت حاصل کرنا پڑے گا۔

ترجمعہ قطعہ :- کل رات چمن میں غافل سویا پڑا تھا، یہاں تک کہ صبح ہوئی اور ہوش آیا۔ اچانک بلبلان سحری کی شور جب اے رفعت میرے کان تک باغ سے پہنچی تو اٹھا اور اپنے آپ کو ملامت کرنے لگا کہ صد افسوس میں سویا پڑا ہوں اور پرندے بیدار جب میرے اس لوٹے پھوٹے ہاتھوں۔ (ضعیف جسم) سے کوئی کام نہیں ہو سکتا، تو یار لوگ میرے کس کام آئیں گے، اور کب تک، یا مجھ ناتوان وضعیف کو کوئی کیونکر دوست بنائے گا یعنے

خود عمل نہ کرو، اور نہ کر سکو، تو ارشاد و مرشد سے کیا فائدہ حاصل ہوگا غفلت سے بیدار ہو کر ہمت باندھ کر آمادۂ عمل ہو تو دوستوں کی دوستی لفع رسان وارشاد مرشد کارگر ہوگی) پس

اگر پیر طریقت سے کمال معرفت چاہتے ہو، تو دیوری پہچان چاہتے ہو تو وہ اس سے زیادہ۔

زیادہ از شناخت ربوبیت او وعبودیت خود بندہ را چہ درکار است
واگر راہ مواصلت جوئی بندہ خدمت گار را با مصاحبت چہ کار ے

بیدم یادش بناشی یک نفس :: بندۂ خدمت گذارش باش وبس

این کہ گفتم بادہ موہبت الہی است کہ از ازل ور ساغر دوستانہ ریختہ اند وجود آنہا باب دگل دوستی سر رشتہ ترا بے مرشد کامل چارہ نمی بینم تا آوارہ نشوی

بیت ؎

این ظرف گلی ہنوز خام است :: دولت نہ نصیحت بر کدام است
این پردہ دود مان دردست :: این پردہ کسے ورد کہ مرد است

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اور کیا ہو سکتا ہے کہ انسان اپنے آپ کو بندہ سمجھے اور اللہ تبارک و تعالےٰ کو اپنا رب داپنا مالک اپنا آقا اپنا مولیٰ سمجھے، اور اگر مزید وصول الی اللہ کی تلاش ہو تو سمجھ لو کہ بندہ خدمت گار ہے، اور خدمت گار نوکر کو آقا کے ساتھ رہنے کی کیا غرض دبلکہ اسے تو جس کام پر لگایا ہے، اس سے غرض ہونا چاہیئے، آقا تو اپنے مختلف مصروفیات میں مشغول ہو گا، کبھی کس کام میں کبھی کس رنگ میں تو کیا نوکر بھی خواہ مخواہ چمٹا رہے، تو پھر اس کی خدمت گذاری اور نوکری کیسی، اور کب خوب جان لو کہ فرماں برداری، تابعداری، خدمت گذارین کر احسن طریقہ سے اپنے فرائض سے سرانجام کرو تاکہ وہ راضی و خوش ہو کر قسم قسم کے انعامات سے نوازے اور چاہے تو درجات عالیہ و دیدار خاصہ سے سرفراز کرتے ہوئے اپنے پاس بٹھائے اور ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً کی خوشخبری دے۔) اور مقربین کے زمرہ میں کہدے یہ اس کی مرضی تو اپنا خدمت کئے جا)

ایک سانس بھر بھی اس کی یاد سے غافل نہ ہو، اور اس کا خدمت گذار بندہ ہو جا یہ جو کچھ میں نے کہا اللہ تعالیٰ کا عنایت کردہ شراب (یعنی انعام) ہے جو کہ ازل سے اپنے دوستوں کے پیالوں (دلوں) میں ڈال رکھا ہے اور ان عنایات ہدایات انعامات کے وجود و تعلق کو مٹی گارے کے ساتھ وابستہ کر دیا ہے (یعنی یہ پند و نصائح فہم و سمجھ اور یہ حقیقت و معرفت خدا کی دین ہے جو اپنے دوستوں خاص بندوں کو بمطابق عَلَّمَ الْاِنْسَانَ الخ یا عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ الخ دے کر لَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْۤ اٰدَمَ کا خطاب دیا۔ لہذا

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اے عزیز تیرے لئے مرشد کامل کے بغیر اور اس سے وابستگی کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں دیکھتا۔ مطابق وَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ ان کو تلاش کرو اور کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ط کا مصداق بن تاکہ آوارہ و گمراہ ہو جائے تیرا یہ خاکی برتن (بدن) ابھی کچا ہے، تو دولت نصیحت کیسے حاصل ہو۔ یہ دل کا پردہ باعث تکلیف و پریشانی ہے، یہ پردہ وہ شخص پھاڑ سکتا ہے اور ہٹا سکتا ہے جو مرد ہو، (یعنی پند و نصیحت پر عمل کرنا اور اس راستہ کے تکالیف و دردوں کو برداشت کرنا مرد کا کام ہے۔

لہذا مرد بن کر ہمت کر ؎

گوہر مقصود خود ملتا ہے ہمت شرط ہے ؛ مضطرب رہتا ہے ہر موتی اُبھرنے کیلئے

بس ہمت چاہیئے کیونکہ ؎

چھپا دست ہمت میں زور قضا ہے ؛ سُنا ہے کہ ہمت کا حامی خدا ہے

ٹھیک ہے ہمتِ مرداں مددِ خدا!

می بایدُ شنید، عوام مے را جنون انگاشتہ و جنون را مے نام نہادہ مے آں بود کہ تند سرور در غم دل بجوشد نہ آب انگور در سبوچۂ گل، آں را بکلام صاحبدلان لبریز باید و ایں را با جام بے خرداں آں را ساقی گلعذار باید و ایں را ساقی پروردگار، مثنوی ؎

اے صائم الدہر قائم اللیل ؛ یکدم لشراب ہم بکن میل

آں بادہ کہ صاف از زلال است ؛ آں مے کہ بشرع ہم حلال است

آں بادہ بے خمار باشد ؛ آں نشہ کہ پائیدار باشد

آں بادہ کہ درد سر ربائد ؛ آں مئے کہ بسر نظر کشاید

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آں مئے کہ نباشد از عقاقیر ؛ در شرع نہ حدآں نہ تعزیر
گر جرعۂ زاں بکام ریزی ؛ در عشر ز گو رست خیزی

سُنیئے :- کہ عام لوگ شراب کو جنون تصوّر کرتے ہیں، اور جنون کو شراب سے موسوم کرتے ہیں، حالانکہ شراب وہ ہے جو سرور کی شیرینی (لطف ومزہ) کو دل کے مٹکے میں جوش دیدے، نہ کہ وہ شراب ہے جو انگور کا پانی مٹی کے صراحی میں ہو کیونکہ وہ شراب سرور صاحبدل لوگوں (دل و درد رکھنے والوں) کے کام میں لایا جاتا ہے اور بے عقلوں کے جام میں ڈالا جاتا ہے، شراب انگوری کا ساقی کوئی گلعذار ہوتا ہے اور یہ شراب سرور کا ساقی پروردگار (یعنی لوگ تو انگور کے حاصل کردہ پانی کو شراب کہا کرتے ہیں جس سے ہوش وعقل اُڑ جاتے ہیں ہستی و بے باکی میں مبتلا ہوتے اور پاگل ہو جاتے ہیں اور یہی جنون ہے، حالانکہ یہ شراب نہیں، بلکہ شراب تو وہ ہے جس سے ذوق وشوق لطف و سرور و محبّت الٰہی دل میں پیدا ہو اور جوش و خروش کے ساتھ خدا کی یاد میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مشغول و مصروف ہو جائے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ یہ خدا کی دین ہے جسے چاہے دے۔

ترجمہ مثنوی :- اے عمر بھر کے روزہ دار اور شب بیدار تھوڑی دیر کے لئے شراب کی طرف بھی مائل ہو جا، (اور دیکھو) یہ ایسا شراب ہے کہ خالص پانی سے صاف اور شریعت میں حلال ہے یہ شراب بے خمار بے نشہ (غفلت سے خالی) ہے اور اس کا اثر ہمیشہ ہمیشہ رہتا ہے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

یہ شراب سردردی کو دُور کرتا ہے اور دماغ میں بینائی نور پیدا کرتا ہے، یہ وہ شراب نہیں جو جڑی بوٹیوں سے بنایا گیا ہو اور وہ شریعت میں اس کے پینے پر تعزیرو سزا ہو اگر اس (عشق و محبت الٰہی) کے شراب کو ایک گھونٹ بھی پی لیا تو قیامت کے دن قبر سے مست اٹھو گے لہذا

اے عابد و زاہد ذرا عشق و محبت کا شراب پی کر دیکھو کیا ذوق و شوق پیدا ہوتا ہے، اور کتنا خلوص ہوتا ہے اور پھر خلوص کے ساتھ جو عبادت ہو تو کیا کہنے ؎

محبت کے شرر سے دل سراپا نور ہوتا ہے
ذرا سے بیج سے پیدا ریاضِ طور ہوتا ہے (اقبالؔ)

تو اے افسردہ دل زاہد یکے در بزم رنداں شو
کہ بینی خندہ بر لبہا و آتش پارہ در دلہا

اے زاہد تو ذرا رندوں کی مجلس میں بیٹھ کر دیکھ کیسے خوش و خرم خندہ پیشانی و مست اور دل شعلہ زار بنا کر بیٹھے لطف اُٹھا رہے ہیں ؎

محبت ہو کسی سے یا عداوت ؛ مزا دے جائے گی جو دل سے ہو گی

می بائید شنید اے عزیز ترا با ایں جہتی کہ با من است از خود بیگانہ می پندارم و تو ہم مہ با ایں خصوصیتی کہ با تست از خود بیگانہ پندار د امید وفا از کس مدار ﴿وَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ﴾ ؎

یاری خلقت نیاید ہیچ کار ؛ سعی کن در یاری پروردگار
آن زماں چوں ساز برگ دے نبود ؛ دامن مادر نباہت کے بود

﴿فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ﴾

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

می باید شنید فقیر آنست کہ توانگر باشد و توانگر آنست کہ لبسوی
لقمۂ مردم نہ بلبید پس درویشے کہ جز غم نانی ندارد توانگرست و سلطانیکہ خراج
از جہانی بستاند گدائی است دریوزہ، بیت ؎
توانگری نہ بود مال دیگران خوردن :: نظر نبان گدائی توانگراں نکند

سُنیئے ۱- اے عزیزتر او وہ تعلق جو میرے ساتھ ہے، باوجود اس کے
تجھے بیگانہ سمجھتا ہوں، اور تو بھی اس خصوصیت کے باوجود میرے اور تمہارے
درمیان ہے، مجھے بیگانہ خیال کر اور کسی سے وفا کی اُمید نہ رکھ۔
ترجمہ آیت - اور ان کو کسی شفاعت کرنے والے کی شفاعت
نفع نہ دے گی، نظم
مخلوق کی دوستی کسی کام آنے کی نہیں، پروردگار کی دوستی میں کوشش
کر، کیونکہ جب برگ دنے کا ساز قائم ہو جائے، یعنی روز قیامت کا شور غوغا صور،
اسرافیل کا واقعہ شروع ہو جائے تو اس وقت ماں کے دامن میں بھی امان نہ ہوگی۔
ترجمہ آیت :- جب صُور پھونکی جائے گی وہ دن بہت سخت
ہوگا، اس وقت ماں، باپ، یار، عزیز کسی کی نہ چلے گی،
سُنیئے، فقیر وہ ہے جو توانگر ہو اور توانگر وہ ہے جو دوسروں
کے لقمہ پر نظر نہ رکھے، پس وہ درویش جو سوائے روٹی کے اور کوئی غم نہ رکھے وہ
توانگر ہے اور وہ بادشاہ جو لوگوں سے چندے ٹیکس زبردستی فراہم کرے تو وہ
گداگر اور کوچہ گرد ہے، بیت
دوسروں کا مال حاصل کر کے ہڑپ کرنا توانگری نہیں، کیونکہ توانگر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آدمی فقیروں غریبوں کے کھانے پر نہیں نظر کیا کرتے بلکہ مستغنی رہتے ہیں ایسے توانگر سے وہ فقیر بدرجہا بہتر بلکہ بادشاہ ہی ہوتے ہیں جن کو دوسروں کا مال کھانا تو درکنار بلکہ اپنے بھی ضروریات سے کم کئے ہوئے تھوڑی سی چیز پر قناعت کئے ہوتے ہیں جیسے ایک درویش کا واقعہ کہ کسی بادشاہ نے اسے لکھا تھا کہ یہ تیرا کیا حال ہو رہا ہے، بھوکا پیاسا ننگا جنگلوں میں مارا مارا پھرتا ہے، آؤ کہ ہم تمہارا انتظام کریں عیش و آرام سے زندگی بسر ہو اُس نے جواب دیا ؎

خوردن تو مرغ مسمن دمے ❊ خوردن ما نان جویں ما

پوشش تو اطلس و دیبا حریر ❊ پختہ زردہ خرقۂ پشمین ما

نیک ہمیں است کہ می بگذرد ❊ راحت تو محنت دوشین ما

باش کہ تا طبل قیامت زنند ❊ آں تو نیک آید یا ایں ما

کہا ٹھیک ہی تھوڑی دیر کے لئے تیری خوراک مرغن مرغا اور ہماری خوراک جو کی سوکھی روٹی تمہارا لباس ریشم واطلس وغیرہ اور ہمارا پوشاک اُونی گدڑی مزہ یہ ہے کہ اب عنقریب ہی ختم ہونے والے ہیں، تیری عیش وعشرت آرام وراحت ختم ہماری تکلیف ختم ذرا ٹھہر کہ قیامت کا طبل بج جائے پھر بتادیں گے کہ تم خوش قسمت اور آرام میں ہو یا ہم، ایک اردو شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

وہاں اپنی حقیقت تجھ کو دکھلاؤں گا اے منعم

یہاں رکھتی ہے میری کامرانی شکل حرمانی

غنا بر دو قسم است اوّل غنائی مال و آں بر سہ گونہ است آنچہ از حلال آید محنت است و آں چہ از حرام آید لعنت است و آنچہ از قدر ما یحتاج فزوں شود عقوبت است...... دوم غنائی دل و آں نیز بر سہ چیز است (۱) تمنا از دنیا

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

بہتر خواہند (۲) مرادی از بہشت خوشتر طلبند (۳) و آرام گاہی از زمین و آسمان دیگر جویند علامت آن خوشنودی است در ظاہر و باطن،

می باید شنید کہ آدمی پیر آنگہ شود کہ سیاہی از دلش بر دو نہ سیاہی از موئی او وائی بر حال کسیکہ مویش سپید شد و دلش سیاہ ماند نظم ؎

بشنو اے پیر مرد کار آگاہ :: باید ت کن بحال خویش نگاہ
مو اگر شد ترا چو نار سپید :: چہ شد از دل بود چو زاغ سیاہ

غنا دو قسم پر ہے اوّل غنائی مال اور وہ تین طرح کی ہیں، ایک وُہ جو بطریقہ حلال حاصل ہو وہ محنت ہے، دوسرا وہ جو بطریقہ حرام ہاتھ آئے لعنت ہے سوم جو ضروریات سے زیادہ ہو جائے عذاب ہے، دوسرا قسم غنائی دل اور وہ بھی تین طرح پر ہے (۱) آرزو و مقصد دنیا سے بہتر ہو۔ (۲) اور اس کی مراد جنّت سے بہتر و بڑھ کر ہو (۳) اور زمین و آسمان سے بڑھ کر کسی بلند مقام کا طالب ہو جن کی علامت ظاہر و باطن (دنیا و آخرت) کی خوشنودی ہے، (یعنی اس شخص کی آرزو و مقصد و طلب رضائی دوست یعنے خوشنودی اللہ تبارک و تعالےٰ اور آلا بذکر اللہ تطمئن القلوب ط اللہ تعالیٰ کی یاد سے دل مطمئن ہوتے ہیں یہی آگاہ و مقام اس کا طلب و جائے قرار ہو بس یہی توانگر ہے غنی ہے، مستغنی ہے فقیر بھی ہے، بادشاہ بھی ہے، اسی کو ابوسعید ابوالخیر فرماتے ہیں ؎

یک جو ز ایام نداریم خوشیم :: گر چاشت بود شام نداریم خوشیم
چوں پختہ بکامی رسد از عالم غیب :: ما نیز طمع خام نداریم خوشیم

یعنے میرے پاس نہ رائی برابر کچھ ہے اور صبح کو ملے تو شام کو کچھ نہیں،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

لیکن پھر بھی خوش ہیں، کیونکہ عالم الغیب سے یکا پکا یاد انوار اسرار اطمینان، ملتا رہتا ہے۔ کیسے کھانوں کی امید نہ رکھتے ہوئے خوش ہیں، دیکھئے! یہ ہے بادشاہی کتنی خوشی کتنا استغنا، واقعی اَلْغِنَا غِنَی النَّفْسِ غنا دل کی غنا ہوتی ہے)

الو الخیر ابو سعید ایک اور جگہ فرماتے ہیں ؎

نے باغ و نہ بستان و چمن میخواہم ؞ نہ سرو گل نہ یاسمن میخواہم

خواہم زخدا کنجے کہ در آں ؞ من باشم و آں کسے کہ من میخواہم

یعنے باغ چمن سرو گلاب چنبیلی کچھ نہیں چاہیئے، صرف گوشۂ تنہائی ہو جہاں میں اور میرا محبوب ہو ؎

دل بھر گیا دنیا سے اب تو یہی حسرت ہے ؞ تو ہو تیرا جلوہ ہو اور گوشۂ تنہائی

سنیئے :۔ آدمی بوڑھا دکامل، جب ہوتا ہے کہ سیاہی اس کے دل سے دور ہو جائے نہ کہ بال سفید ہوں، افسوس ہے اس شخص کے حال پر جس کے بال سفید اور دل سیاہ ہو،

؎ اے واقف کار تجربہ کار بوڑھے سن لے کہ ذرا اپنی حالت کو دیکھ بال تو شعلے کی طرح سفید، اور دل کوّے جیسا کالا سیاہ کچھ تو خیال کر، حضرت سعدی فرماتے ہیں ؎

چہل سال عمر عزیزت گذشت ؞ مزاج تو از حال طفلی نگشت

چالیس سال

کا بوڑھا ہو کر اب تک حرکات طفلانہ نہیں چھوڑتے

دوستانہ را عقوبت شرمندگی عصیان از حرارت دوزخ سوزاں سخت تر است و حلاوت تسلیم و رضا از کوثر جنت الماوی شیریں تر،

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اِهْلُ الْجَنَّةِ مَشْغُوْلُوْنَ بِالْجَنَّةِ وَاهْلُ النَّارِ مَشْغُوْلُوْنَ بِالنَّارِ وَاَهْلِیْ مَشْغُوْلُوْنَ بِیْ

بیت

نہ برائے بہشت است بندگی مارا ٭ کہ دوستی بود آنجا نہ کار مزدوری

دوستان محبانِ الٰہی کو گناہ کی شرمندگی کا عذاب دوزخ کی جلانے والی حرارت سے زیادہ تکلیف دہ ہوتا ہے۔ اتفاقیہ کہیں ذرا بھر بھی گناہ سرزد ہو جائے تو شرم کے مارے پگھلتے رہتے ہیں، اور عمر بھر فکرمند و پریشان مغموم و گریاں رہتے ہیں اور ڈرتے رہتے ہیں کہ کونسا منہ لے کر دوست کے سامنے جاؤں گا۔ میرا پروردگار مجھے دیکھ کر کیا کہے گا اور میں کیا جواب دوں گا منہ سے بات کیسے نکالوں گا وغیرہ وغیرہ۔ بس یہی فکر و پریشانی ان کے لئے عذاب دوزخ سے بڑھ کر ہے۔

اور دوست کی خوشی و رضا کی شیرینی و لذت جنت کی آب کوثر کی شیرینی و لذت سے کئی درجہ زیادہ ہے۔ اگر کسی کو دنیاوی معمولی بھی عشق لگا ہوا ہو تو وہ اندازہ کر سکتا ہے کہ جب محبوب معشوق ناراض ہو جائے تو کیا حال ہوتا ہے سخت حیرانی و پریشانی ہوتی ہے، نہ ہوش و حواس نہ کھانے پینے کی فکر نہ اٹھنے بیٹھنے لیٹنے میں چین نہ بات چیت میں مزہ غرض عجیب حالت ہوتی ہے جسکے ہوتے ہوئے دوزخ و جنت کی فکر ہی نہیں ہو سکتی اور جونہی وہ راضی خوش ہوا تو دنیا کی سب نعمتیں ہیچ۔ جب دنیاوی محبت کا یہ عالم ہے تو عشق و محبت خداوندی کا کیا کہنا من ذاق عرف جس نے یہ مزہ چکھا جان گیا اور نہ کیسے جاتا۔ سعدی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ؎

ایں مدعیاں در طلبش بے خبر انند ٭ کانراکہ خبر شد خبرش باز نیامد

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

یہ دعویدار طلب میں پھرتے ہیں مگر بے خبر ہیں اور جن کو خبر ہوئی اور پتہ ملا تو ان کا پتہ نہ چلا، ایک اردو کا شاعر کہتا ہے ؎

اپنی ہستی حجاب ہے گویا ؛ آپ کو کھو یا جب خدا پایا

دوسرے ایک صاحب فرماتے ہیں ؎

ہوش تھا جب تھی جستجو ان کی ؛ مل گئے وہ تو کھو گیا ہوں میں

ایک اور صاحب کہتے ہیں ؎

آپ کا تو پتہ لگا ہی لیا ؛ اب جو میرا پتہ نہیں نہ سہی

غرض خدا کی محبت بڑی چیز ہے، ذٰلك فضل الله يؤتيه من يشاء - یہ خدا کی دین ہے، جسے چاہے دے،

ترجمہ حدیث:- اہل جنّت جنّت میں مصروف ہونگے اور اہل دوزخ، دوزخ میں پریشان اور میرے بندے میرے پیارے میرے دیدار اور میرے ساتھ راز و نیاز میں مصروف ہوں گے، مسرور رہوں گے

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِ اللهِ

ترجمہ بیت ؎ ہماری عبادت جنّت کے لئے نہیں، کیونکہ ہمارے تعلقات دوستانہ ہیں، نہ کہ مزدوری کرنی،

اللهم ارزقنا حبك بجاه حبيبك واجعلنا من اهلك - آمين ط

می باید شنید آدمی را چوں بر عیوب ظاهر و باطن خود نظر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

افتد زبانش از عیب دیگراں کوتاہ گردد و زبان بر عیب دیگراں آں را دراز شود کہ خود را بے عیب انگارد و خود را بے عیب آنکس پندارد کہ صاحب جہل مرکب باشد۔

مثنوی

دی شب اندر بوستان نوبہار ⁂ داشتم پاکیزہ روئے در کنار
در چمن من بودم و دیدار بود ⁂ نیک نرگس بر سرم بیدار بود
در چمن من بودم و دیدار او ⁂ فارغ از جور رقیب زشت خو
گفتم اے نرگس خدا را چشم پوش ⁂ تا نہ بینی عیب رند بادہ نوش
کئے بہ بیبا کی کنم بوس و کنار ⁂ چوں تو باشی پیش من آئینہ دار
گفت اے رفعت مگر دیوانہ ⁂ از شعار اہل دل بیگانہ
ما بہ گلشن جز تماشائی نیم ⁂ چوں تو غوغائی و ہرجائی نیم
در چمن ہر نیک و بد راہ دیدہ ام ⁂ از کہ چشم خویشتن پوشیدہ ام
مشرب ما مشرب خاموشی است ⁂ در طریق ما گنہ سرگوشی است
عیب گوئی گر شعار من بودی ⁂ آنکس این گلشنم دشمن بودی
گرچہ چشم خویشتن وا کردہ ام ⁂ چوں سخن چین نیستم در پردہ ام

سُنیئے کہ آدمی کو جب اپنے ظاہری و باطنی عیوب پر نظر پڑتی ہے تو اس کی زبان دوسروں کے عیوب سے کوتاہ ہو جاتی ہے ہر وقت اپنے ہی دھن فکر میں لگا رہتا ہے، اور دوسروں کی عیب گوئی پر اس شخص کی زبان وا نہ ہوتی ہے، جو اپنے آپ کو بے عیب سمجھے اور اپنے آپ کو بے عیب

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

وہ سمجھتا ہے جو جاہل مطلق ہو (بالکل کو راہو)

مثنوی:۔ ۔ کل رات گلزار نو بہار میں ایک پاکیزہ رو محبوب کے ساتھ لئے ہوئے بے خوف و خطرہ رقیب بدخو کے جور سے فارغ چمن میں مصروف دیدار تھا چمن میں صرف میں اور میرا محبوب ہی تھا لیکن ہمارے سامنے نرگس بھی بیدار کھڑی تھی، میں نے کہا اے نرگس خدا کے لیئے ذرا آنکھیں بند کر تاکہ تو مجھ بادہ نوش رند کے عیب نہ دیکھے وہ بولا اے رفعت تو تو دیوانہ ہے اور اہل دل کے رویئے سے بے خبر کیونکہ ہم تو گلشن کے تماشائی ہیں نہ کہ تجھ جیسے غوغا کرنے والے ہر جائی ہمارا مشرب (رویہ طریقہ) خاموشی ہے کسی کی سرگوشی چغلی کا نا بھوسی کرنا ہمارے نزدیک گناہ ہے، چمن میں ہر نیک و بد کو دیکھ چکے ہیں اور کسی سے بھی آنکھ بند نہیں کی اگر کسی کی عیب گوئی میرا رویہ ہوتا تو اس چمن کا ہر خس ہر ذرہ میرا دشمن ہوتا، اگرچہ میں نے آنکھیں کھولی ہیں لیکن سخن چین (بیہودہ بکواس) نہیں ہوں، بلکہ خاموش پردہ دار نہ راز دار ہوں، فکر نہ کرو)

غرض یہ دنیا ایک گلستان ہے جس میں ہر رنگ ہر قسم کی مخلوق رہتی ہے کوئی نیک، کوئی برا، کوئی بینا، کوئی نابینا، کوئی اہل بصیرت، کوئی بے بصیرت:۔

لھذا

کوئی کچھ کرے، اہل بصیرت عقل مند دانا لوگ خاموش رہا کرتے ہیں، کسی کا نہ پردہ فاش کرتے ہیں، نہ راز ظاہر کرتے ہیں، بلکہ اپنے گناہوں اور عیوب کے تلاش و فکر میں رہتے ہیں، نہ کہ دوسروں کی عیب بینی یا عیب جوئی اسی لئے فرماتے ہیں کہ کسی کی عیب جوئی نہ کر، اور اپنے پر نیک گمان نہ کر، اور سلوک میں یہ سب سے بڑی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اور ضروری چیز ہے۔

ظفر بادشاہ کا ایک شعر ؎

دیکھتا تھا ہر ایک کے عیب و ہنر تب تھی جب اپنے گناہوں کی خبر
جو پڑی اپنی عیبوں پہ نظر تو زمانے میں کوئی بُرا نہ رہا

می باید شنید کہ آدمی را تا قدر دنیا معلوم نشود و حدت آن بچشم تفتیش متصور نگردد عنان عزیمت از سعی بے حاصل بر نگرداند (رُباعی)

اے شیفتۂ بہار گلزار جہاں :: غافل چہ نشستہ از اسرار جہاں
از بحر زمانہ موج سیلاب عدم :: ہر لحظہ ہمی رسد بدیوار جہاں

و چوں بشناخت بعالمی دیگر نشتافت ہمچنانکہ او را کس نیافت، آیہ

وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا ۔ ط و تبتل باز گشتن است و آں بر سہ نوع است (۱) از دوزخ بہ بہشت (۲) از دنیا بہ آخرت (۳) واز خود بحق تعالیٰ و آنکہ از دوزخ بہ بہشت خواہد از حرام حلال اختیار کند و ز جمیع کارہا ستگاری جوید و آں کہ از دنیا بہ آخرت خواہد از حرص بقناعت آید و از علایق بفراغت میل کند و آنکہ از خود بحق تعالےٰ خواہد خود را با و تفویض گرداند آیہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ط

سُنئے :۔ کہ جب تک آدمی کو دنیا کی قدر معلوم نہ ہو جائے (جو مچھر کے پر کے برابر بھی نہیں) اور اس کی گرمی (یعنے صدمے و رنج) بہ نظر غور نہ دیکھے اس وقت تک آدمی اس کی بے جا حاصل کوشش سے ارادے کا لگام نہیں پھیرتا (رُباعی ؎

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اے جہاں کے باغ کے دلدادہ اس دنیا کے رموز واسرار سے کیسے غافل ہو، (دیکھتے نہیں) کہ آفات کے سمندر سے عدم (فنا کرنے والی) کی سیلاب کی موج اس جہاں کے دیواروں سے ٹکریں مار رہا ہے، (اور کچھ نہ کچھ روزانہ گرا تا جاتا ہے اور جب آدمی جان لیتا ہے، تو دوسرے عالم (آخرت) کی طرف جلدی کرتا ہے اور ایسا ہو جاتا ہے کہ اُس کو پھر بھی نہیں پا سکتا، کیا خوب کہا ہے ؎
پہنچا دیا حد و دو عالم سے بھی پرے ؛ مطرب نے راگ چھیڑ دیا کس مقام کا
یا بقول میر تقی ؎
بیخودی لے گئی کہاں مجھ کو ؛ دیر سے انتظار ہے اپنا
کچھ ایسی حالت ہو جاتی ہے نہ جان کی خبر نہ جہان کی)

ترجمہ آیت

اللہ تعالیٰ کی طرف راغب و متوجہ ہونے میں کنارہ و تنہائی اختیار کرکے بتل کے معنی پھر جانے کے ہیں اور یہ تین طرح کی ہیں (۱) دوزخ سے جنّت کی طرف پھر جانا (۲) دنیا سے آخرت کی طرف پھر جانا اور اپنے آپ سے حق تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا پھر جانا۔ جو دوزخ سے بہشت کی طرف جانا چاہے تو اُس کو چاہیئے کہ حرام کو چھوڑ کر حلال اختیار کرے (یعنی زنا، غیبت، چغلی، جھوٹ، شراب، ظلم، وستم وغیرہ سب ممنوع حرام چیزوں کو چھوڑ دے) اور جو دنیا سے آخرت طرف پھرنا چاہے، تو وہ ممنوعات کو چھوڑنے کے علاوہ حرص بھی چھوڑ دے، اور قناعت اختیار کرے اور جو اپنے آپ سے حق تعالیٰ کی طرف جانا چاہے تو وہ اپنے آپ کو (ہمہ تن، ہمہ وجود کامل طور پر) اس کے سپرد کر دے اور ؎
زندہ کنی عطائے تو ؛ ور بکشی فدائے تو

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دل شدہ مبتلائے تو ؛ ہرچہ کنی رضائے تو

کا مصداق بنے اور بمطابق ؎

سپردم بتو مایۂ خویش را

تو دانی حساب کم و بیش را

اپنے آپ کو اس کے حوالہ کرے)

ترجمہ آیتہ

میں اپنے کام خدا کے سپرد کرتا ہوں

دہر کہ بازگشت صاحب عزم شد۔ آیتہ فَاصْبِرْ کَمَا صَبَرَ اُولُوالْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ و آں بر سہ نوع است اوّل عزم توبہ و کراہت معصیت پنداشتن و آلت آن، بیفگندنست دوم عزم خدمت و آں بشرا را ازامر توجہ بر گماں شتن و کار و ابر کار خود مقدم داشتن، سوم عزم حقیقت و آں در خشم آرام گرفتن و در طاعت بخجالت و در معرفت بجہالت بودن،

اَلْعَجْزُ عَنْ دَرْکِ الْادراک ادراک ہ

می باید شنید کہ عارف چوں در مقام توحید متلذذ شود او را از بندہ و بندگی مستغنی داند طاعت و معصیت در نظرش یکساں آید فَاِنَّ اللّٰہَ غَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْنَ ط چوں دریائی محبّت در دل او بجوشد رعایت شریعت مقدم دارد کہ دوست را رضائی دوست مطلوب باشد در اوامر و نواہی موجب خصوصیت دانا بہر حال رعایت شریعت لازم دار خواہی بندہ باش خواہی دوست ؎

ترا چوں من ہزاراں بندگانند ؛ مرا جز کوئی تو راہ دگر نیست

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

پس جو (ان چیزوں سے) پھر گیا، تو صاحب عزم ہوا،

ترجمہ آیتہ

صبر کرو جیسے اولوالعزم پیغمبروں نے صبر کیا، اور عزم تین قسم پر ہے اوّل عزم توبہ اور گناہوں کو بُرا سمجھنا اور اس کے اسباب و ذرائع کو چھوڑ دینا، دوم، عزم خدمت اور وہ آدمی کو فرمودہ امور پر توجہ کرنی (اور اس کام سے توجہ ہٹانی جو خلل پیدا کرے) اور اپنے آقا کے کام (حکم) کو اپنے کام پر مقدم رکھنا ہے سوم عزم حقیقت وہ غصہ کو ٹھنڈا کرنا اور عبادت میں شرمندہ رہنا (کہ کہاں میں اور کہاں حق تعالے اجل جلالہ، بزرگ و برتر کی عبادت یہ محض اس کی شفقت ہے کہ اپنے دروازہ سے روکتا نہیں ورنہ میں کس قابل، بلکہ مطابق،

منّت منہ کہ خدمت سلطان میکنم ∴ منت ازو شناس کہ بخدمت گذاشت ما

یعنے احسان نہ جتلا کہ بادشاہ کا خدمت کرتا ہوں، بلکہ اس کا احسان مان کہ تم کو خدمت کے لئے کہا ورنہ وہاں کوئی کمی نہیں، ہزاروں لاکھوں خدمتگار ہر وقت موجود، اور معرفت کے معاملہ میں جاہل و بے سمجھ رہنا کیونکہ سمجھنے سے عاجزی نا سمجھی ظاہر کرنا عین دانشمندی ہے ؎

تو دل میں تو آتا ہے سمجھ میں نہیں آتا

بس جان گیا میں تیری پہچان یہی ہے

سُنیئے ،۔ کہ جب عارف مقام توحید سے بہرہ ور ہو جاتا ہے (یعنے فنا فی اللہ و باقی باللہ کے درجوں تک پہنچ جاتا ہے) تو حق تعالیٰ اس کو بندوں اور بندگی سے مستغنے کر دیتا ہے (کیونکہ اُس کا خوراک پوشاک نشست و برخاست ہر ہر لس میں خدا کی یاد ہو جاتی ہے اسی حال میں مستغرق ڈوبا ہوا رہتا ہے)

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

اطاعت و معصیت اس کی نظروں میں یکساں ہوجاتے ہیں۔ آیۃ اللہ تعالےٰ تمام عالم سے غنی بے پرواہ ہے اور جب دریائے محبت اس کے دل میں جوش مارتا ہے تو پھر وہ شریعت کی رعایت کو ملحوظ و مقدم رکھتا ہے، کیونکہ دوست کو دوست کی مرضی و خوشی مطلوب ہوتی ہے (جیسے فرمان حضرت علی کرم اللہ وجہہ ؎

تعصی الالہ وانت تظہر حبہ ؛ ھٰذا العمرک فی الفعال بدیع

لوکنت حبك صادقا لاطعتہ ؛ ان المحب لمن یحب مطیع

خدا کی نافرمانی کرتے ہوئے محبت کا دعویٰ کرتے ہو، حالانکہ یہ تو ظاہر بات ہے کہ دوست دوست کا تابعدار ہوتا ہے اور امر و نہی کو ایک قسم کا جھگڑا سمجھتا ہے بہر حال شریعت کی رعایت کو برقرار رکھا چاہیے بندہ بنو چاہیے دوست۔

تمہارے تو مجھ جیسے ہزاروں بندے ہیں، لیکن میرا تو تیری گلی تیرے در کے بغیر کوئی در نہیں۔

می باید شنید کہ اہل ظاہر آرائش کنند تا در آخر بالائش روند آیۃ اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ ؕ و اہل باطن آرائش کنند تا در خانہ گور بالائش خسپند آیۃ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ؕ

رباعی

آنرا کہ ہوائے وصل دلدار بود ؛ او را بجز او دیگر چہ کار بود

در بارگہی کہ جان و دل بار نیافت ؛ آنجا چہ محال دلق دوست بود

می باید شنید کسیکہ ہستی موہوم خود را معدوم دانست خود را معلوم کرد باز معدوم نشد، حدیث شریف مُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا ابیات

؎ دیدۂ خود را او دانی کیستی ؛ نیستی و نیستی، و نیستی

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

چوں دریں راہ آمدی مردانہ باش ؛ شمع روئی دوست را پروانہ باش

سُنیئے :- کہ اہل ظاہر وہ ساز و سامان کرتے ہیں جس کے سبب آخرت میں مصیبت و تکالیف میں جا پڑیں گے ۔ آیۃ

فاسق فاجر لوگ دوزخ میں ہوں گے اور اہل باطن وہ سامان تیار کرتے ہیں جس کی وجہ سے وہ قبر میں آرام کے ساتھ لیٹ جاتے آیۃ نیک لوگ بہشت میں ہوں گے ۔

رباعی :- جس کو وصل محبوب کا شوق ہو تو اس کو اور کسی سے کیا کام، جس بارگاہ میں جان و دل کی رسائی نہ ہوسکے تو وہاں گدڑی اور دستار سے کیا فائدہ اور کیا محل (یعنی یہاں تو دل و جان کی کھیل ہے اگر رکھتے ہوئے اور دے سکتے قربان ہوسکتے ہو، تو بسم اللہ آیئے، ورنہ دور رہو) یہاں تو یہ حال و خیال ہو سه

جان دے دی بھی تو اس کی تھی ؛ حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہُوا

سُنیئے :- کہ جس نے اس وہمی وجود کو معدوم (فانی سمجھا، تو اپنے کو معلوم کر لیا، کہ پھر کبھی معدوم نہ ہو گا ۔

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ؛ ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

یعنے جس کا دل عشق الٰہی سے زندہ ہوا وہ کبھی نہیں مرے گا،

لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ جو خدا کے راستہ میں شہید ہوں اُن کو مُردہ نہ کہو، حدیث شریف مرنے سے پہلے مرجاؤ (یعنے مرنے سے پہلے دنیا کے دھندوں عیش و عشرت گناہوں وغیرہ کو چھوڑ دو)

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ترجمہ ابیات

تم نے اپنے کو دیکھ تو لیا پر جانا نہیں کہ کون ہو اور کیا ہو، (خوب سمجھ لو) کہ تو کچھ نہیں، کچھ نہیں جب تو اس راستہ اور طریقہ پر آگیا تو مردانہ وار ثابت قدم رہ اور اپنے دوست کے شمع وار خوبصورت خوشنما چہرے کا پروانہ بن کر رہ۔

اے دل آں بہ کہ خراب از مئے گلگوں باشی
بے زر و گنج بصد حشمت قاروں باشی

در رہ منزل لیلےٰ کہ خطر ہاست بسے
شرط اوّل قدم آنست کہ مجنوں باشی

یعنے اے دل چاہیئے کہ راہ عشق میں خراب ہو جاؤ، لیکن قانع صابر مست رہو، اگرچہ محبوب کے گھر کے راستہ میں بہت سے خطرے ہیں، لیکن پہنچنے کے لئے مجنوں بنو، پہنچ جائے گا، مجنوں بننا شرط ہے، پھر پروانہ و دیوانہ بن کر سو

من تو شدم تو من شدی ؛ تا کس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

کا درجہ حاصل کر:۔ سو

ہو فنا ذات میں کہ تو نہ رہے ؛ تیری ہستی کا رنگ و بو نہ رہے

(کہ فنا و بقا میں آرام)

تو در و گم شو وصال انیست و بس ؛ گم شدن گم کن کمال انیست و بس

اپنے کو گم کرنا گم کرنے کو گم کرنا کمال ہے)

می باید شنید کہ دانا راچوں گرہ در کار روز گار افتد بر کہ داز ناشایئستہ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

خود تجسس کند و آنرا جزای آں بشناسد و خود را مستحق آں سزا بیند عدالت حاکم حقیقی برحق است و چوں بکشاید سر از جیب شرمندگی برندارد و خود را بہ بے فرمانی بیند و او را مہربانی ع

یارب من اگر بدم سراسر ∴ از نیکی خویشتن تو مگذر

می باید شنید کہ زندگانی نفسے و دنیا قفسے نادان را دریں قفس ہزار حلقۂ دام ہوس در نظر آید و دانا را دریں قفس کار ہر دو عالم بسیر آید۔

الدنیا سجن المومنین وجنة الکافرین

دنیا بنگاہ چشم بینا نفسی ∴ رفعت بخدا آنہا قفسی

ہیہات کہ ہر کسے برائی نفسی ∴ ہم در قفس و ہم مدام ہوسی

سُنیئے عیب دانا آدمی کو کسی دنیاوی کام میں مشکل آپڑتی ہے تو اپنے ناشائستہ حرکتوں پر غور و نظر کرتا ہے اور اس مشکل کو اپنے حرکات و اعمال کا بدلہ قرار دیتا ہے اور اپنے آپ کو مستحق سمجھتا ہے اور جانتا ہے کہ حاکم حقیقی کا انصاف برحق ہے اور جب اس کو کوئی فرحت و کشادگی پیش آتی ہے تو شرم کے مارے سر کو گریبان سے نہیں اٹھاتا اپنے کو نافرمان حق تعالےٰ کو مہربان دیکھتا رہتا ہے ع

اے رب میں اگرچہ سراسر بُرا ہوں ∴ لیکن تو غفور الرحیم ہی اپنے رحمت و شفقت کو بند نکر

آخر یا چیز بندہ نادان و ناتوان انسان ہوں، خطا و نسیاں کا مرکب اور تو کریم رحیم قادر بادشاہ ہے، مجھے اپنے فضل و کرم سے محروم نہ کر۔ اپنی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

رحمتوں سے نا اُمید نہ کرے

بضاعت نیاوردم الا امید ؛ خدایا زعفوت مکن نا امید

یعنے توشہ وغیرہ تو کوئی نہیں ہے صرف تیری عفو کی امید لایا ہوں

ے احسان عفو جرم سے وہ شرمسار ہوں ؛ بخشا گیا میں تو بھی گناہ گار ہی رہا

سُنیئے :- زندگی ایک سانس برابر ہے اور دنیا جیل خانہ، نادان کو

اس پنجرے میں ہزاروں دام دھندے وخواہشات نظر آتے ہیں اور دانا آدمی

کے دونوں جہاں کے کام اسی میں بنتے بنلتے ہیں کیوں کہ دنیا آخرت کے لئے کھیتی

ہے، دنیا مومنوں کے لئے قید خانہ اور کافروں کے لئے بہشت ہے۔

ترجمہ رباعی ے

دنیا بنیا آدمی کے نظر میں ایک سانس جتنی ہے اے رفعت خدا کی قسم

یہ تو پنجرہ قید خانہ ہے، افسوس کہ ہر آدمی اس منٹ بھر وقت کے لئے قید خانہ

میں پڑے اور ہوا وہوس کا شکار رہے دافسوس اس تھوڑے سے وقفہ کے

ہوا وہوس کی وجہ اپنی ابدی زندگی تباہ کر دیتے ہیں ے رباعی

عمرے بہوس پیمانہ پیمودم ؛ درہر کارے خون جگر پالودم

در ہر چہ زدم دست زغم فرسودم ؛ دست از ہمہ بر داشتم آسودم

یعنے

ساری عمر ہوا وہوس میں خون جگر کھاتے کھاتے گذار دی جس چیز میں

ہاتھ ڈالتا حیران وپریشان ہوتا رہا، اب جوں ہی کہ سب چیزوں سے دستبردار

ہوا آسودہ خوش ہوں ے

ٹھکرا کے کائنات کو آسودہ ہوں ظفر ؛ لپٹا ہوا ہوں گوشہ دامان یار سے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

یہ لوگ دنیا کی حقیقت جان گئے سے

ہوتا ہے شب روز تماشا میرے آگے
بازیچۂ اطفال ہے دنیا میرے آگے (غالب)

می باید شنید کہ آدمی چوں بر مسند دولت وحکومت متمکن شود ابواب واسباب معصیت بروی کشادہ خانۂ ظاہر وباطن دی ازاں آمادہ باشد ہوشیار کسے است کو دراں وقت از حضرت حق سبحانہ تعالیٰ استمداد و توفیقات حسنہ جوید وہمگی اوقات را بخوف مرگ وقیامت معمور دارد وبداند کہ محک امتحان پیش من نہادہ اند وعبارتی بدستم دادہ اینا اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلاً ط بلکہ آنرا از جملہ بلیات مہلکہ داند اینہ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَاُمْلِی لَهُمْ اِنَّ كَيْدِیْ مَتِيْنٌ ط کہ بسا نفوس انسانی از امداد آں نجبال بہیمی وحیوانی موصوف گشتند واکثر صدر نشینان جنت از قربت او بہادیۂ جہنم رفتند شنیدہ کہ سلطنت بسر فرعون چہ آورد ودولت با قارون چہ کرد فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ط

سنئے کہ جب انسان دولت وحکومت پر مالک وما مور ہو جاتا ہے تو گناہوں کے اسباب ودروازے اس پر کھل جاتے ہیں، اور اس کا گھر ظاہری وباطنی ان چیزوں سے آلودہ وملوث ہو جاتا ہے پس ہوشیار آدمی وہ ہے کہ اس وقت حق سبحانہ تعالیٰ سے توفیقات حسنہ کی امداد طلب کرے، اور اپنے تمام اوقات کو موت وقیامت کی یاد خوف سے معمور بھرپور رکھے اور سمجھ لے کہ امتحان کی کسوٹی (یا پرچہ) میرے سامنے رکھا گیا ہے - اور ایک

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

عاریتی (عارضی) چیز میرے ہاتھ میں دیا گیا (جو ابھی واپس کرنا ہوگا)

ترجمہ آیتہ

(دیکھتے ہیں) کہ کون اچھا عمل کرتا ہے بلکہ وہ دانا آدمی (اس حکومت اور دولت کو، اس کو تمام آفات و بلیّات سے زیادہ مہلک سمجھتا ہے)

ترجمہ آیتہ

ہم داخل کریں گے (عذاب میں) اس طرح کہ ان کو پتہ بھی نہ ہوگا، اور اور میں اُن کو مہلت دیتا ہوں، یقیناً میری تدبیر مضبوط ہے، پس خیال رہے اور ہوشیار رہے کہ بسا اوقات بہت سے انسانوں کے نفس انہیں دولت وغیرہ کی وجہ سے حیوانی بہیمیہ خصلتوں میں مبتلا ہو گئے اور بہت سے قابل جنّت لوگ انہی دولت و حکومت کے قربت کیوجہ سے قعر جہنّم میں جا گرے، کیا تو نے نہیں سُنا کہ سلطنت نے فرعون کے سر پہ کیا کچھ مصیبتیں لا ڈالی، اور دولت نے قارون کے ساتھ کیا کچھ کیا۔

(دیکھئے قرآن پاک بتاتا ہے) پس فرعون نے رسول سے سرکشی کی (نافرمانی کی مستی کی) پس پکڑ لیا ہم نے اُس کو سخت پکڑا (حضرت ابو سعید رحمہ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں ۔

دنیا دنی پر ہوس را چہ کنی :: آلودہ ہر ناکس و کس را چہ کنی
آں یار طلب کن کہ ترا باشد و بس :: معشوقہ صد ہزار کس را چہ کنی

یعنے، اس کمی کمینی پر ہوس دنیا کو کیا کرو گے، ہر شریف و کمینہ کافر و فاسق سے آلودہ چیز کو کیا کرو گے، پس دہ دوست تلاش کرو، جو تجھے کافی ہو یعنے (پاک پروردگار) یہ دنیا تو مسلمان، کافر، یہودی، عیسائی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

چوڑے، چمار، نائی، میراسی وغیرہ وغیرہ ہزاروں لاکھوں کی معشوقہ ہے، اسے کیا کرو گے۔

جہاں کی زینتیں راحت رساں ہیں چشم غافل میں
مگر حق جو کہ مضطر دل کو ساکن کر نہیں سکتیں

می باید شنید کہ نفس آدمی طفل است خیرہ و نادان کہ ہرگز پند ادیب گوش نکند آنچہ بیاموزد فراموش گرداند پس اگر بزجر د تو بیخش پیش آئی باشد کہ آثار تربیت بروی مترتب شود و چوں مہر و شفقت کنی بے بہرہ گردد، وضرب الصبیان کالماء فی البستان۔ رباعی

دل تو بہ نمی کند ز عصیاں چہ کنم ⁂ پندم نشنید طفل ناداں چہ کنم
رفعت گویم اگر تو انصاف کنی ⁂ تقصیر من است نام شیطان چہ کنم

می باید شنید دانا را دو یک ساعتی کہ بے یاد خدا گذرد سخت تر است از غم نادان کہ او را برگ پسر باشد و پسر را النعم البدل ہست و وقت را مثلی نہ مثنوی ے

چشم کشا د نگر احوال خویش ⁂ خواب گراں بر آید بہ بیش
روز تو در فکر طعام و شراب ⁂ شب ہمہ در خواب رود چوں دو آب
بر سرہ خفتی و ابلہ شدی ⁂ قافلہ چوں رفت تو گمرہ شدی
قافلہ رفت و تو بخوابی ہنوز ⁂ بیخودی و مست و خرابی ہنوز

سنیئے:- کہ آدمی کا نفس ایک نادان بچہ ہے، جو استاد کی نصیحت پر کان نہیں دھرتا، اور جو کچھ پڑھ لیتا ہے، بھلا دیتا ہے، پس اگر اس کے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ساتھ زجر و توبیخ سے پیش آؤ تو ہو سکتا ہے کہ تربیت کا اثر اس پر ہو جائے اور مہربانی و شفقت سے پیش آؤ تو بے بہرہ و محروم رہ جائے گا، بچوں کا مارنا علم و ادب کے لئے ایسا ہے جیسا کہ باغیچہ کو پانی دینا (جس طرح کہ باغیچہ سرسبز و شاداب ہو کر مالک و مال کو خوشی و فائدہ پہونچاتا ہے اسی طرح بچہ علم و ادب سے خوش حال ہو کر والدین کے لئے دنیا و آخرت میں خوشنودی کا سامان بن جاتا ہے)

رُباعی :- دِل گناہوں سے باز نہیں آتا کیا کروں، اس نادان بچّہ نے میری کوئی نصیحت نہ سُنی، کیا کیا جاوے اسے رفعت میں کہتا ہوں کہ اگر انصاف کرو تو یہ تمام تیری کوتاہیاں ہیں، نام شیطان کو کیا کروگے۔

سُنیئے :- کہ دانا آدمی کو ایک ساعت بھی جو بغیر یادِ الٰہی کے گذارے سخت تر (تکلیف دہ) ہے نادان کے اس صدمہ سے جو اس کے بیٹے کے موت سے پہنچے، کیونکہ لڑکے کا نعم البدل (قائم مقام) ہو سکتا ہے، مگر وقت کا نعم البدل نہیں (جو گذارا سو گذارا)

مثنوی :- آنکھیں کھول کر ذرا حالت تو دیکھ کہ تم کس سخت خواب میں پڑے ہو، اور موت سامنے ہے، تیرا دن کھانے پینے کی فکر میں اور رات چوپایوں مویشیوں کی طرح خواب میں گذرتی ہے، تو کیسا بے وقوف ہے، کہ راستہ ہی میں سونے لگا ہے، حالانکہ قافلہ چل پڑا ہے اور تو رکا ہوا ہے، قافلہ گیا اور تو ابھی تک خواب غفلت میں بے ہوش اور شرابی جیسے مست پڑا ہے۔ اٹھو

وقت بہت تھوڑا ہے اور وہ بھی بہت تیزی سے گذرتا جارہا ہے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

بیدار ہو جاؤ اور سامان آخرت امتحان قیامت کی تیاری کر اور اپنے قیمتی وقت کو خدا کی یاد میں خرچ کرتے ہوئے

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ؕ

(تم مجھ کو یاد کرو، میں تم کو یاد کروں گا اور تم ناشکری نہ کرو)

کا سبق یاد کرو، اور کامیاب ہو کر اپنے رب کے پاس خوشی، خوشی جا پہونچو، (رَبَّنَا آتِنَا)

می باید شنید اہل رضا چوں متفحص نیک و بد خونشوند بعرض احوال دیگراں ہم نکنند (اینز وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَىٰ ؕ و آں را سہ نشان است، خوشنودی در حال (۲) وخاموشی بزبان (۳) وحفظ قلب از دسواس، نظم ؎

مارا چہ بحال بندۂ او ⁂ با گریۂ او و خندۂ او

مائیم بحال خود گرفتار ⁂ مارا چہ بحال دیگراں کار

می باید شنید انسانی کہ بنائی قانع نشود و درین بوستان برخزانی صابر بنا شد جماد زا بر و تفضیل باید داد و انسان کامل آنست کہ با وصاف جمادی موصوف باشد و شرائط تسلیم از جماد بیاموزد و مراتب رضا را از ان سند کند زیرا کہ لخنتی از سنگ تراشیده تا۔

سُنیئے :۔ کہ اہل رضا جیسے اپنی نیکی بدی پر غور و مطول نہیں کرتے، اسی طرح دوسروں کے حالات بھی دریافت نہیں کرتے (نہ کسی پر نکتہ چینی کرتے ہیں، نہ اپنی رام کہانیاں سُنا کہ فخر کرتے ہیں) کیونکہ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

ترجمہ آیت :- کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا۔ اہلِ رضا کی تین نشانیاں ہیں (۱) اپنے حال میں خوش رہتے ہیں کوئی شور و واویلا شکوہ شکایت نہیں کرتے نہ کسی کو اپنے حال کا پتہ تبلاتے ہیں (۲) زبان پر خاموشی رکھتے ہیں، غیر ضروری باتوں فضول گپّوں اور مجلس آرائیوں سے گریزاں رہتے ہیں، (۳) اپنے دِل کو وسوسوں سے محفوظ رکھتے ہیں فضول خیالات و تفکرات بے ہودہ سوچ وغیرہ کو دل میں آنے ہی نہیں دیتے۔ اگر کوئی ایسی بات سامنے آجائے تو جواب میں ہوگا یا ہوتا رہے ہمیں کیا وغیرہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں (یہ تین نشانیاں ہیں، باقی نشانات جاننے والے جانتے ہیں۔

ترجمہ نظم مجھے اس کے بندے کی حال سے کیا غرض اور ان کے رونے ہنسنے سے کیا واسطہ ہیں تو اپنے حالات میں پھنسا ہوا ہوں، مجھے دوسروں سے کیا کام (ایسے لوگوں کو تو اپنے دھندے اور خدا کی یاد سے غرض ہوتی ہے، سب جھگڑوں سے فارغ ہو کر کہتے رہتے ہیں ۔

سارے جھگڑوں سے فراغت ہوگئی ؛ اب تو آجا اب تو فرصت ہوگئی
کسی کا شعر

فرد است یار میل دلش ہست سوئے فرد ؛ خوش آنکہ خاطر از ہمہ اغیار فرد کرد
یار محبوب ، تنہا ایک ہے اور ایک (تنہا) ، آدمی کو جو سب خواہشات سے جدا ہو،

اللّٰہ وتر و یحب الوتر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سنئے، کہ جو انسان ایک روٹی پر قانع نہ ہوا اور اس باغ دنیا کے خزانہ پر صابر نہ ہو تو پتھر کو اس پر فضیلت دینی چاہیئے انسان کامل وہ ہے جو پتھر کے اوصاف پر موصوف ہوا اور تسلیم و رضا کے شرائط اس سے سیکھے پتھر کیطرح کوئی اُلٹا رکھے تو خوش سیدھا رکھے تو خوش ادھر اُدھر پھینکو تو بھی راضی و خوش غرض جس حال میں کہیں بھی رکھو وہی بہتر وہی قبول، بمطابق قول شاعر ؎

نہ فراق اچھا نہ وصال اچھا ؛ یار جس حال میں رکھے وہی حال اچھا

ہر حال میں خوش رہیے، اور رضا کے مراتب و مدارج اسی سے نوٹ کر لے، دیکھیے! کہ کبھی ایک ٹکڑا پتھر سے کاٹ لیں تاکہ

تا آنرا بر سر گنجی بگذارند پس دارند و کم بختی بیفگنند و ہرگز از جراحت او دردمند و بوصول گنج فراواں خورسند و بقعدان آں اندوہ مند نشود ایں را کمال مرتبہ تسلیم گویند پس چہ ننگ است اینکہ با اینہمہ وسائط در شرط بمنگ ہم نتوانی رسید

بیت ؎

چگونہ گو میت ای آدمی کہ انسانی ؛ اگر بحسن عبادت بسنگ ہم نرسی

می باید شنید کہ نماز گذار در برابر شراب خوار نظر حقارت نباید کرد کہ قبولیت ایزدی ظاہر شرط نیست ورادا داد گناہ لازم نی ایۃ

عَبَسَ وَتَوَلّٰۤى اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰىؕ

من نمیدانم رضائے دوست را ؛ آنکہ می بینم و جرم دلوست را

تاکہ اس کو خزانے کے اوپر رکھ دیں پھر تھوڑی دیر کے بعد اس کو ہٹا لیا جائے، تو خزانہ پر تو کم بختی آوے اور پتھر ہرگز اُس کے زخم سے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دردمند اور خزانے کی فراوانی سے خورسند اور اس کی جدائی سے غمگین نہیں ہوتا اسی کو کمال مرتبہ تسلیم کہتے ہیں (یعنے نہ خزانے کے وصول و فراوانی سے خوش دست اور نہ جدائی سے رنجیدہ و مغموم ہر رنگ و حالت پر راضی و خوش) پس شرم کی بات ہی کہ باوجود اتنے وسایط و وسایل کے بندگی کے شرائط میں انسان پتھر کے برابر بھی نہ ہو۔

ترجمہ شعر ؎ اے آدمی میں کیسے کہوں کہ تو انسان ہے جو کہ تو حسن عبادت میں پتھر کے برابر نہیں رہا افسوس!

سنئے: کہ نمازی آدمی کو شرابی پر حقارت کی یہ نظر نہ کرنی چاہیئے کیونکہ اللہ تعالٰی کے ہاں نماز کے قبول ہونے کے واسطے کوئی ظاہری شرط نہیں (کیا معلوم کہ نماز قبول ہوئی ہے یا کہ نہیں)

ترجمہ آیت - بل چڑھائے اور روگردانی کی جبکہ ان کے پاس ایک نابینا آیا (یعنے اللہ تبارک و تعالٰی کو نابینا زیادہ پیارا و مقبول تھا بہ نسبت دوسرے سرداران قریش کے)

ترجمہ بیت - میں دوست کو نہیں سمجھا کیونکہ جو کچھ دیکھتا یا میری نگاہ کی رسائی صرف گوشت ہڈی تک ہے، نہ دوست تک نہ دوست کی رضا تک میری نظر جاتی ہے نہ جاسکتی ہے، مجھے کیا پتہ میری کیا حقیقت (غرض انسان کو اپنی عبادت نماز روزہ پر کسی بھی نیکی پر کسی وقت بھی مغرور نہیں ہونا چاہیئے اور اپنے کو پاک و نیک و پارسا خیال نہ کرے اور دوسروں کو برا نہ کہے حقیر نہ سمجھے کیا معلوم کہ دوسرا گنہگار حق تعالٰی غفور الرحیم کے دربار میں تجھ سے زیادہ مقبول ہو، یا مقبول ہو جائے ؎

گناہ آئینۂ عفو و رحمت است اے شیخ ✿ مبیں بچشم حقارت گناہگاراں را

گناہ اللہ تعالٰی کا عفو اور رحمت کا آئینہ ہے، اس لئے گناہ گاروں کو حقیر

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

نہ سمجھو نہ، دیکھو گناہ گاروں کی وجود میں بھی خدا تعالیٰ کی بڑی حکمت ہے۔
لولا الذنب لما عرف الغفور۔ اگر گناہ نہ ہوتا تو غفور پہچانا نہ جاتا وہ اس کے سچے رسول رحمۃ للعالمین پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفیع المذنبین ہیں نہ کہ شفیع الصالحین۔

محمد سب سے پہلے ہم گنہ گاروں کو پوچھیں گے۔
ہمیں وہ بھول سکتے ہیں شفیع المذنبین ہو کر
اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ۔

خوف الٰہی مورث کشایش باطن است و موجب بخشائش آیۃ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَنَہَی النَّفْسَ عَنِ الْھَوٰی فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ھِیَ الْمَاْوٰی وامیدواری سبب رستگاری است ودوائی بیماری لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ

نظم ؎
گر بردم ارہ میکنم جائی ⁂ گد برگل ولالہ می نہم پائی
ترساں وامیدواری باش ⁂ پیوستہ دری دو کاری باش
زادۂ معرفت ہمین است ⁂ حاصل زبہشت دوزخ اینست

می باید شنید پاکان باطن را بہ ناپاکئی ظاہر چہ کار و پاکان ظاہر را بہ ناپاکئی باطن احتیاج بسیار نظم ؎
بشستی دست و پاؤ دل نشستی ⁂ کدورتہائی آب و گل بشستی
دل از ناپاکئی باطن چو پاک است ⁂ اگر ناپاک شد دستت چہ باک است

خوف الٰہی باعث کشائیش باطن اور موجب بخشش ہے ترجمہ آیہ اور جو ڈرا خدا کے سامنے کھڑے ہونے سے اور روکا اپنے نفس کو خواہشات سے

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

تو جنّت اس کا ٹھکانہ ہے اور خدا سے اُمید رکھنا ذریعہ نجات اور دوائے مرض ہے۔

ترجمہ اٰیتہ:۔ اللہ تبارک و تعالےٰ کی رحمت سے نااُمید نہ ہو

نظم:۔ (کیا ہوا) اگر میں کسی وقت زمین کو چیرتا چلوں (یعنی بڑا طاقتور بن جاؤں)، یا کبھی کسی گلاب و لالہ پر قدم رکھ کر چلوں (یعنی نرم و نازک بنوں) بلکہ اے نفس خدا سے ڈرتا ہوا اُمیدوار رہنا، بس ان دو کاموں خوف و امید کو ہمیشہ اپنا مشغلہ بناؤ کیونکہ یہی راہ معرفت کا توشہ ہے اور دوزخ سے بچنے اور جنّت کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

سنیئے کہ پاک باطن لوگوں کو ظاہری ناپاکی سے کوئی سروکار نہیں (یعنی جو صحیح معنوں میں پاک ہیں وہ بظاہر جبہ، شبہ، دلق و خرقہ دستار و کلاہ رکھ کر پارسا نہیں بنا کرتے، نہ ان کو ضرورت نہ دوسری تصنع کی چیزوں سے ملوث ہوتے رہتے ہیں، بلکہ سیدھے سادھے لبسا اوقات میلے کچیلے بھی رہتے ہیں، بلکہ بعض اصحاب پاک باطن تو مجذوبیت میں آکر حد درجہ گندے بظاہر ناپاک بھی ہوتے ہیں مگر بے پرواہ، اور ظاہری پاکی رکھنے والوں کو باطن کی ناپاکی دور کرنے کی احتیاج بہت۔

ترجمہ نظم:۔

ہاں پاؤں دھو لئے مگر دل نہیں دھویا تو پانی مٹی کے میل کو اتار دیا، (مگر باطنی ہوا و ہوس حرام و حرص وغیرہ کے میل کو دل سے نہ اتارا) جب باطن کی ناپاکیوں سے پاک ہو گیا تو پھر اگر مٹی وغیرہ ہاتھ کو لگے تو کوئی پاک نہیں

دل صافی کن کہ حق بدل می نگرد ؛ دلہائے پراگندہ بیکجو نخرد

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

دل کو صاف کر اللہ تعالیٰ دل کو دیکھتا ہے پراگندہ دل کو جو ایک جو کے دانہ پر بھی نہیں خریدتا، بل ینظر الی قلوبکم صاف فرمان موجود ہے، دل کو ماسوائے اللہ کے تعلق سے پاک کرو تاکہ منور ہو جائے، اور حق تعالے کے انوار و اسرار کے قابل ہو جاؤ ؎

دل چو آزاد از تعلق شد منور می شود
قطرۂ آبے کہ چوں از آب دامن چیدہ گوہر می شود

دل بے تعلق ہو کر منور ہوتا ہے جیسے قطرہ پانی دوسرے پانی سے علحدہ بند ہو کر گوہر بنتا ہے۔

می باید شنید تواضع فرد ایستادن است و آں بر سہ قسم است (۱) تواضع حق تعالے (۲) تواضع دوستان (۳) اور و تواضع دین تواضع حق تعالے آنست کہ از حکم او سر مو تجاوز ننمائی و در یاد او حاضر باشی و تواضع دوستان او آنست کہ قدر آنہا بہ قدر خویش افزوں داری و در حق ایشان ظن فاسد نکنی، آیۃ۔

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا۔ تواضع دین آنست کہ عقل خود را در مصالح امر و نہی او در راہ مذہب و حق دشمنان خود را نبوشی

می باید شنید چوں مدار کار بر مغفرت است محمد علی را بر معصیت برگاہ اطاعت فرمان اور میکنم خود را یکی از حقوق نعمتہای نامتناہی ستہا دن می بینم و چون گناہ می کنم مستحق رحمت می شوم ؎ نظم ؎

ہر وقت ندامت است مارا ؛ ہر لحظہ قیامت است مارا
عاصی بجہاں گر نبودی ؛ غفران تو جلوہ کے نمودی

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

سُنیئے :۔ کہ تواضع نیچا یعنے عاجز رہنا ہے اور وہ تین قسم پر ہے (۱) حق تعالیٰ کے سامنے تواضع کرنا (۲) اللہ تعالیٰ کے دوستوں کے ساتھ تواضع سے پیش آنا (۳) اور دین میں تواضع کرنا یہ ہے کہ اس کے حکم سے بال برابر بھی تجاوز نہ کرو اور اس کی یاد میں ہر وقت حاضر رہو۔۔۔۔ اور اس کے دوستوں کے ساتھ تواضع سے پیش آنا یہ ہے، کہ ان کی قدر و منزلت اپنے سے زیادہ سمجھو اور ان کے حق میں بُرا خیال بدگمان نہ کرو۔

ترجمہ آیت :۔ اللہ تعالیٰ کے بندے زمین پر آہستہ چلتے ہیں دین کی تواضع یہ ہے کہ اس کے احکام امر و نہی اور ان کے مصلحتوں میں عقل کو دخل نہ دو اور چون و چرا نہ کرو۔ لَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ کو مدنظر رکھو اور يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ کے مصداق بن کر اٰمَنَّا وَ صَدَّقْنَا کا شعار رکھو، یقین رکھو کہ وہ علیم و حکیم ہے)

سُنیئے :۔ کہ جب انجام کار بخشش پر ہے تو محمد علی (مصنف می باید شنید) کہ اُمید معصیت پر ہے کیونکہ ان کے احکام کی جتنی پابندی و اطاعت کریں پھر بھی اللہ تعالیٰ کے نامتناہی لاتعداد نعمتوں کا حق ادا نہیں کر سکتا، اس لیئے اپنے آپ کو قاصر و شرمندہ سمجھ کر اور اپنے کو گناہ گار جان کر اس کے رحمت کا امیدوار و مستحق بن جاتا ہوں۔

ترجمہ نظم :۔ ہمیں ہر وقت شرمندگی لاحق ہے جس کی وجہ قیامت کی سی حالت و کیفیت ہے (لیکن پھر یہ خیال کرتے ہوئے تسلی حاصل کرتے ہیں) اگر دنیا میں گناہ گار نہ ہوتے (تو اے غفور الرحیم غفار بادشاہ) تو تیری بخشش کیسے ظاہر ہوتی، حضرت ابوالخیر رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں سہ

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

عصیان خلائق ارچہ صحرا صحرا است ؛ در پیش عنایت تو یک برگ گیاہ است
ہرچہ گناہ است کشتی کشتی ؛ غم نیست کرم تو دریا دریاست

یعنے مخلوق کے گناہ صحراہ جتنے کیوں نہ ہوں۔ تیرے عنایات کے مقابلہ میں ایک تنکا برابر بھی نہیں، اگر ہمارے گناہ سے کشتی کے کشتی بھر جائیں تو بھی کیا پرواہ تیری رحمت جو دریا کے دریا ہیں ؎

اے جملہ بیکساں عالم را کس ؛ یک جو کرے کرمت تمام عالم بس

لہذا کرم فرما، فضل و رحم کر کیونکہ ؎

آنکس کہ بجز تو کس ندارد ؛ در ہر دو جہاں من آں فقیرم

آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ط آمین، آمین، آمین

نذر

کہاں میں اور کہاں یہ نکہت گل ؛ نسیم صبح تیری مہربانی

چونکہ کمترین ناچیز نہ تو پڑھا ہوا نہ کسی تصنیف یا ترجمہ کرنے کے قابل اور خصوصاً بزرگوں کے کلام و رموز و اسرار کو سمجھتا تو ایک عاجز و ناتوان کی بس کی بات نہیں، یہ صرف اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر علیم حکیم کی مہربانی اور بقول اکبر الہ آبادی

نہ کتابوں سے نہ کالج کے ہے در سے پیدا ؛ دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا

اپنے مشفق سیدی و مرشدی و آقائی حضرت قبلہ پیر صاحب گولڑا شریف کی نظر شفقت و توجہ کی برکت ہے کہ کچھ دل کی روشنی حاصل اور اس امداد سے بعض کتابوں کی تھوڑی بہت سمجھ آنے لگی، وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم، چوں غلام شمس تبریزی نشد۔ اس لئے ناچیز اس چھوٹے سے رسالے کا ثواب حضرت متمکن طریقت

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

آگاہ حقیقت عالی ہمت محبوب المریدین محب الفقرا، عالیجاہ جناب غلام محی الدین شاہ سجادہ نشین دربار عالیہ غوثیہ چشتیہ گولڑا شریف کے وساطت متوکل ابرار متصرف اسرار مقتدائے عارفین قدوۃ السالکین قبلۂ اتقیا سلطان العلما حضرت سیدنا و مرشدنا مہر علی شاہ زاد اللہ انوار مرقدہ و اعطانا اللہ حبہ و رضا کے روح مبارک کو نذر کرتا ہے اور ان مقبول ہستیوں کے طفیل حسنات دینوی و اخروی رضا و دیدار و فضل و رحم و کرم الٰہی کا آرزومند و خواستگار ہے اور مطابق المرء مع من احب کے ان کے محبت معیت کا خواہش مند و طلبگار

پیش دریا تحفہ آوردم صدف
گر قبول افتد زہے عز و شرف

پرنٹر پبلشر عبد العزیز حاجی عبد الرحمن منیار نے سلطانی فائن آرٹ بمبئی ۳ سے چھپوا کر گھوگھاری محلہ بمبئی ۳ سے شائع کیا۔

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

Digitized By eGangotri

Collection Of Late Abdul Haq Burq Srinagar.

Digitized By eGangotri